○ ..... ۱۸۱۶ء

ہم زانوے تامّل و ہم جلوہ گاہِ گُل　　آئینہ بندِ خلوت و محفل ہے آئینہ

دل کارگاہِ فکر و اسدؔ بے نوائے دل

یاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئینہ

جوشِ دل ہے مجھ سے[1] حسنِ فطرتِ بیدلؔ نہ پوچھ　　قطرے[2] سے میخانۂ دریاے بے ساحل نہ پوچھ

پہنِ گشتن ہاے دل، بزمِ نشاطِ گردِ باد　　لذّتِ عرضِ کشادِ عقدۂ مشکل نہ پوچھ

آبلہ، پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا　　اے دماغِ نارسا! خم خانۂ منزل نہ پوچھ

نے صبا بالِ پری، نے شعلہ ساماں[3] جنوں　　شمع سے جز عرضِ افسونِ گدازِ دل نہ پوچھ

یک مژہ برہم زدن حشرِ دو عالم فتنہ ہے　　یاں سراغِ عافیت جز دیدۂ بسمل نہ پوچھ

بزم ہے یک پنبۂ مینا، گدازِ ربط سے　　عیش کر غافل، حجابِ نشّۂ محفل نہ پوچھ

تا تخلّص جامۂ شنگرفی ارزانی، اسدؔ

شاعری جز سازِ درویشی نہیں حاصل نہ پوچھ

جز، دل سراغِ دردِ بدل خفتگاں نہ پوچھ　　آئینہ عرض کر، خط و خالِ بیاں نہ پوچھ

پرواز، یک تپِ غمِ تسخیرِ نالہ ہے　　گرمیِ نبضِ خار و خسِ آشیاں نہ پوچھ

۱۔ نخ = نشّۂ ہاے　　۲۔ نخ = قطرہ

۳۔ ″ = حرزِ عافیت



○ ..... ۱۸۱۶ء

+ ہے سبزہ زار، ہر در و دیوارِ غمکدہ　م　جس کی بہار یہ ہو، پھر اس کی خزاں نہ پوچھ

ہندوستان سایۂ گل پاے تخت تھا　　جاہ و جلال[1] عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ

تو مشقِ[2] ناز کر، دل پروانہ ہے بہار　　بے تابیِ تجلّیِ آتش بجاں نہ پوچھ

غفلت متاعِ کفّۂ میزانِ عدل ہوں[3]　　یارب، حسابِ سختیِ خوابِ گراں نہ پوچھ

ہر داغِ تازہ یک دلِ داغ انتظار ہے　　عرضِ فضاے سینۂ درد امتحاں نہ پوچھ

ناچار بیکسی کی بھی حسرت اُٹھائیے　م　دشواریِ رہ و ستمِ ہمرہاں نہ پوچھ

کہتا[4] تھا کل وہ محرمِ راز اپنے سے کہ آہ

دردِ جدائیِ اسد اللہ خاں نہ پوچھ

5 ضبط[5] سے، جوں مردمک، اسپند اقامت گیر ہے　　مجمرِ بزمِ فسردن، دیدۂ نخچیر ہے

آشیاں بندِ بہارِ عیش ہوں ہنگامِ قتل　　یاں پرِ پروازِ رنگِ رفتہ، بالِ تیر ہے

ہے جہاں فکرِ کشیدن ہاے نقشِ روے یار　　ماہتاب، ہالہ پیرا، گردۂ تصویر ہے

وقتِ حسن افروزیِ زینت طرازانِ جاے گل　　ہر[6] نہالِ شمع میں اِک غنچۂ گل گیر ہے

۱۔ نخ = نازِ بہار رفتہ　　۲۔ نخ = عرض　　۳۔ نخ = ہیں

۴۔ ″ = ے　کہتا تھا کل وہ نامہ رساں سے بسوزِ دل

۵۔ ″ = ے　ضبط سے اسپند جوں مردم اقامت گیر ہے

۶۔ ″ = ے　از نہالِ شمع پیدا غنچۂ ......

+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں اضافہ کیا گیا

٥ یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

گریے[1] سے بندِ محبت میں ہوئی نام آوری　　لخت لختِ دل، نگینِ خانۂ زنجیر ہے
ریزشِ[2] خونِ وفا ہے، جرعہ نوشی ہائے یار　　یاں گلوئے شیشۂ مے، قبضۂ شمشیر ہے

جو بشامِ غم چراغِ خلوتِ دل تھا، اسدؔ
وصل میں وہ سوز، شمعِ مجلسِ تقریر ہے

کرے ہے سرِ رواں سے خضرِ راہِ عشق جلّادی　　ہوا ہے موجۂ ریگِ رواں شمشیرِ فولادی
نظر بندِ تصوّر ہے قفس میں لطفِ آزادی　　شکستِ آرزو کے رنگ کی کرتا ہوں صیّادی
کرے ہے حُسنِ ویراں کارِ رُوئے سادہ رُویاں پر　　غبارِ خط سے تعمیرِ بنائے خانہ بربادی
چنار آسا عدم سے بادلِ پُر آتش آیا ہوں　　تہی آغوشیٔ دشتِ تمنّا کا ہوں فریادی

اسدؔ، ازبس کہ فوجِ درد و غم سرگرمِ جولاں ہے
غبارِ راہ ویرانی ہے ملکِ دل کی آبادی

یہ سرنوشت میں میری ہے اشک افشانی　　کہ موجِ آب ہے، ہر ایک[3] چینِ پیشانی
جنونِ وحشتِ ہستی یہ عام ہے کہ بہار　　رکھے ہے کسوتِ طاؤس میں پر افشانی

---

۱۔ نخ　=　گریہ
۲۔ 〃　=　ریزشِ خوں ہے سراسر
۳۔ 〃　=　خطِ



○ ..... ۱۸۱۶ء

لبِ نگار میں آئینہ دیکھ، آبِ حیات　　بہ گمرہیِ سکندر ہے محوِ حیرانی
نظر بہ غفلتِ اہلِ جہاں ہوا ظاہر　　• کہ عیدِ خلق پہ حیراں ہے چشمِ قربانی
کہوں[1] وہ مصرعِ برجستہ وصفِ قامت میں　　کہ سرو ہو نہ سکے اُس[2] کا مصرعِ ثانی

اسدؔ نے[3] کثرتِ دل ہائے خلق سے جانا
کہ زلفِ یار ہے مجموعۂ پریشانی

ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے　　م　صبحِ وطن ہے خندۂ دنداں نما مجھے
ہے پیچ تابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی　　خجلت گدازیٔ نفسِ نارسا مجھے
واں رنگ ہا بہ پردۂ تدبیر ہیں ہنوز　　یاں شعلۂ چراغ ہے، برگِ حنا مجھے
°ڈھونڈھے ہے اُس مغنّیٔ آتش نفس کو، جی　　م　جس کی صدا، ہو جلوۂ برقِ فنا مجھے
°مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیٔ خیال　　م　تا بازگشت سے نہ رہے مُدّعا مجھے
پرواز ہا، نیازِ تماشائے حسنِ دوست　　بال کشادہ ہے، نگہِ آشنا مجھے
کرتا ہے، بس کہ باغ میں تو، بے حجابیاں　　م　آنے لگی ہے نکہتِ گل سے حیا مجھے
از خود گزشتگی میں خموشی پہ حرف ہے　　موجِ غبارِ سرمہ ہوئی ہے صدا مجھے

---

۱۔ نخ　=　لکھوں　　۲۔ نخ　=　جس
۳۔ 〃　=　یکَ　　۴۔ 〃　=　نہفتہ
° یہ اشعار پہلی بار متن قا میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

کھلتا کسی[1] پہ کیوں مرے دل کا معاملہ؟ م    شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے
تا چند[2] پست فطرتیِ طبعِ آرزو؟    یارب ملے بلندیِ دستِ دعا مجھے
یاں آب و دانہ، موسمِ گل میں حرام ہے    زنّارِ واگُسَستہ ہے، موجِ صبا مجھے
یک[3] بار امتحانِ ہوس بھی ضرور ہے    اے جوشِ عشق، بادۂ مرد آزما مجھے
میں* نے جنوں سے کی جو اسدؔ، التماسِ رنگ
خونِ جگر میں ایک ہی غوطہ دیا مجھے

ہر رنگِ سوز، پردۂ یک ساز ہے مجھے    بالِ سمندر، آئنۂ ناز ہے مجھے
طاؤسِ خاک، حسنِ نظر باز ہے مجھے    ہر ذرّہ، چشمکِ نگہِ ناز ہے مجھے
آغوشِ گل ہے آئنۂ ذرّہ ذرّہ خاک    عرضِ بہار، جوہرِ پرواز ہے مجھے
ہے بوئے گل غریبِ تسلّی گہِ وطن    ہر جزوِ آشیاں، پرِ پرواز ہے مجھے
ہے جلوۂ خیال، سُویدائے مردمک    جوں داغ، شعلہ سرخطِ آغاز ہے مجھے
وحشت بہارِ نشّہ و گل ساغرِ شراب    چشمِ پری، شفق کدۂ راز ہے مجھے
فکرِ سخن، بہانۂ پروازِ خامشی    دودِ چراغ، سُرمۂ آواز ہے مجھے

---

۱۔ رخ = کسو
۲۔ ″ = ہے تا چند پست حوصلگی ہائے طبعِ خام
اے آرزو بلندیِ دستِ دعا مجھے
۳۔ ″ = ہے مست امتحانِ ہوس طینتی اسدؔ
* یہ شعر پہلے پہل متنِ ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

ہے خامہ فیضِ بیعتِ بیدلؔ بکف، اسدؔ    یک نیستاں قلم روِ اعجاز ہے مجھے

کہوں کیا گرم جوشی مے کشی میں شعلہ رویاں کی    کہ شمعِ خانۂ دل، آتشِ مے سے فروزاں کی
سیاہی+ جیسے گر جاوے دمِ تحریر کاغذ پر م    مری قسمت میں یوں تصویر ہے شب ہائے ہجراں کی
بہ زلفِ مہ وشاں رہتی ہے شب بیدار ظاہر ہے    زبانِ شانہ سے تعبیرِ صد خوابِ پریشاں کی
ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی    سیاہی ہے مرے ایّام میں، لوحِ دبستاں کی
دریغ! آہِ سحر گہ کارِ بادِ صبح کرتی ہے    کہ ہوتی ہے زیادہ، سرد مہری شمع رویاں کی
مجھے* اپنے جنوں کی بے تکلف پردہ داری تھی    ولیکن کیا کروں آوے جو رسوائی گریباں کی
ہنر پیدا کیا ہے میں نے، حیرت آزمائی میں    کہ جوہر آئنے[1] کا، ہر پلک ہے چشمِ حیراں کی
خدایا،* کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے!    کہ ہیں صد رخنہ جوں غربال، دیواریں گلستاں کی
ہوا* شرمِ تہیدستی سے وہ بھی سرنگوں آخر    بس، اے زخمِ جگر، اب دیکھ لی شورش نمکداں کی
بیادِ گرمیِ صحبت، برنگِ شعلہ دہکے ہے
چھپاؤں کیونکے، غالبؔ، سوزشیں داغِ نمایاں کی

جنوں، تہمت کشِ تسکیں نہ ہو، گر شادمانی کی م    نمک پاشِ خراشِ دل ہے، لذّت زندگانی کی

---

۱۔ رخ = آئنہ
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھایا گیا
* یہ اشعار پہلی بار متن ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

کشاکش ہائے ہستی سے کرے کیا سعیِ آزادی    م    ہوئی زنجیرِ موجِ آب کو، فرصت روانی کی
نہ کھینچ[1] اے دستِ سعیِ نارسا، زلفِ تمنّا کو    پریشاں تر ہے موئے خامہ سے تدبیر مانی کی
کہاں ہم بھی رگ و پے رکھتے ہیں انصاف بہتر ہے    نہ کھینچے طاقتِ خمیازہ، تہمت ناتوانی کی
تکلّف برطرف، فرہاد اور[2] اتنی سبک دستی    خیال آساں تھا لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی
پس از مردن بھی، دیوانہ، زیارت گاہِ طفلاں ہے    م    شرارِ سنگ نے تربت پہ میری گلفشانی کی
اسد کو بوریے میں دھر کے پھونکا موجِ ہستی نے
فقیری میں بھی باقی ہے، شرارت نوجوانی کی

نکوہش ہے سزا فریادیِ بیدادِ دلبر کی    م    مبادا! خندۂ دنداں نما ہو، صبحِ محشر کی
رگِ لیلیٰ کو، خاکِ دشتِ مجنوں ریشگی بخشے    م    اگر بووے بجائے دانہ، دہقاں نوکِ نشتر کی
+مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید    یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی
پرِ پروانہ، شاید، بادبانِ کشتیِ مے تھا    م    ہوئی مجلس[3] کی گرمی سے روانی دورِ ساغر کی
+کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض کیا قدرت!    م    کہ طاقت اڑ گئی اڑنے سے پہلے میرے شہپر کی
غرورِ لطفِ ساقی نشّۂ بے باکیِ مستاں    نمِ دامانِ عصیاں ہے طراوت موجِ کوثر کی

---

۱۔ نخ = نہ کھینچے دست
۲۔ ؍؍ = واظہارِ سبک....
۳۔ ؍؍ = گرمیِ مجلس
+ یہ اشعار پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھائے گئے۔



○ ..... ۱۸۱۶ء

+کہاں تک روؤں اُس کے خیمے کے پیچھے؟ قیامت ہے!    م    مری قسمت میں یارب کیا نہ تھی دیوار پتھر کی؟
تھکا جب قطرۂ بے دست و پا بالا دویدن سے    زبہرِ یادگاری ہا گرہ دیتا ہے گوہر کی
بجز دیوانگی ہوتا نہ انجامِ خود آرائی    اگر پیدا نہ کرتا آئنہ زنجیر جوہر کی
اسد، جز آب بخشیدن ز دریا خضر کو کیا تھا!
ڈبوتا چشمۂ حیواں میں، گر، کشتی سکندر کی

آنکھوں میں انتظار سے جاں پرشتاب ہے    آتا ہے آ، وگرنہ یہ پا در رکاب ہے
حیراں ہوں، دامنِ مژہ کیوں جھاڑتا نہیں    خطِ صفحۂ عذار پہ گردِ کتاب ہے
جوں نخلِ ماتم، ابر سے مطلب نہیں مجھے    رنگِ سیاہ نیل، غبارِ سحاب ہے
ممکن نہیں کہ ہو دلِ خوباں میں کارگر    تاثیرِ جستنِ اشک سے نقش بر آب ہے
ظاہر ہے طرزِ قید سے، صیاد کی غرض    جو دانہ دام میں ہے، سواشک[1] کباب ہے
*بے چشمِ دل نہ کر ہوسِ سیرِ لالہ زار    یعنی یہ ہر ورق، ورقِ انتخاب ہے
دیکھ اے اسد، بہ دیدۂ باطن کہ ظاہرا
ہر ایک ذرّہ غیرتِ صد آفتاب ہے

---

۱۔ نخ = سرشک
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھایا گیا
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

بے خود، زبس کہ خاطرِ بے تاب ہوگئی — مژگانِ باز[1] ماندہ، رگِ خواب ہوگئی

موجِ تبسّم[2] لبِ آلودۂ مِسی — میرے[3] لیے تو تیغِ سیہ تاب ہوگئی

رخسارِ[4] یار کی جو کھلی جلوہ گستری — زلفِ سیاہ بھی، شبِ مہتاب ہوگئی

بیدادِ[5] انتظار کی طاقت نہ لاسکی — اے جانِ برلب آمدہ، بے تاب ہوگئی

غالبؔ، زبس کہ سوکھ گئے چشم[6] میں سرشک

آنسو کی بوند گوہرِ نایاب ہوگئی

ہجومِ غم سے یاں تک سرنگونی مجھ کو حاصل ہے — م — کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے

ہوا ہے مانعِ عاشق نوازی، نازِ خود بینی — تکلّف برطرف، آئینۂ تمیز حائل ہے

بہ سیلِ اشک، لختِ دل ہے دامن گیر مژگاں کا[7] — غریقِ بحر، جویائے خس و خاشاک ساحل ہے

نکلتی ہے تپش میں بسملوں کی، برق کی شوخی — غرض[8] اب تک خیالِ گرمیِ رفتارِ[9] قاتل ہے

بہا ہے یاں تک اشکوں میں، غبارِ کلفتِ خاطر — کہ چشمِ تر میں ہر یک پارۂ دل، پائے درگل ہے

---

۱۔ نخ = واکشادہ ۲۔ نخ = تبسّم ازلب ۳۔ نخ = آئینہ دارِ تیغ

۴۔ ؍؍ = ے رخسارِ صاف نے جو دیے جلوہ ہائے نور
زلفِ پری وشاں شبِ مہتاب ہوگئی

۵۔ ؍؍ = یک لمحہ ۶۔ نخ = اشک بہ چشم میں ۷۔ نخ = ہا

۸۔ ؍؍ = زبس دل میں ۹۔ نخ = اندازِ



○ ..... ۱۸۱۶ء

+ رفوئے زخم سے مطلب ہے لذت زخمِ سوزن کی — م — سمجھیو مت کہ پاسِ درد سے دیوانہ غافل ہے

وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے، غالبؔ — م — چٹکنا غنچۂ گل کا، صدائے خندۂ دل ہے

جنوں رسوائیِ وارستگی؟ زنجیر بہتر ہے — بقدرِ مصلحت دل[1] بستگی، تدبیر بہتر ہے

خوشا! خود بینی و تدبیرِ غفلت نقد اندیشہ — بدیں عجز اگر بدنامیِ تقدیر بہتر ہے

○ کمالِ حسن اگر موقوفِ اندازِ تغافل ہو — تکلّف برطرف، تجھ سے تری تصویر بہتر ہے

دلِ آگاہ تسکیں خیزِ بیدردی نہ ہو یارب! — نفس، آئینہ دارِ آہِ بے تاثیر بہتر ہے

خدایا، چشم تا دل، درد ہے، افسونِ آگاہی! — نگہ، حیرت سوادِ خوابِ بے تعبیر بہتر ہے

درونِ جوہرِ آئینہ، جوں برگِ حنا، خوں ہے — بتاں، نقشِ خود آرائی، حیا تحریر[2] بہتر ہے

تمنّا ہے، اسدؔ، قتلِ رقیب اور شکر کا سجدہ

دعائے دل، بہ محرابِ خمِ شمشیر بہتر ہے

مژہ، پہلوئے چشم، اے جلوۂ ادراک باقی ہے — ہوا وہ شعلہ داغ، اور شوخیِ خاشاک باقی ہے

چمن میں کچھ نہ چھوڑا تو نے غیر از بیضۂ قمری — عدم میں بھر فرقِ مرو مُشتِ خاک باقی ہے

---

۱۔ نخ = دل تنگی

۲۔ ؍؍ = تعمیر + یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھایا گیا

○ یہ شعر پہلی بار متن قا میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

گدازِ سعیِ بنیش، شستِ وشوئے نقشِ خود کامی — سراپا شبنم آئیں، یک نگاہِ پاک باقی ہے
ہوا ترکِ لباسِ زعفرانی دلکشا لیکن — ہنوز آفت نسب یک خندہ یعنی چاک باقی ہے
چمن زارِ تمنا ہو گئی صرفِ خزاں[1]، لیکن — بہارِ نیم رنگِ آہ حسرت ناک باقی ہے
نہ حیرت چشمِ ساقی کی، نہ صحبت دورِ ساغر کی
مری محفل میں، غالبؔ، گردشِ افلاک باقی ہے

خموشیوں میں "تماشا ادا" نکلتی ہے م نگاہ، دل سے ترے سرمہ سا نکلتی ہے
بہ حلقۂ خمِ گیسو ہے راستی آموز — دہانِ یار سے گویا صبا نکلتی ہے
بہ رنگِ شیشہ ہوں یک گوشۂ دلِ خالی — کبھی پری مری خلوت میں آ نکلتی ہے
فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی[2] ہے شبنم م صبا جو غنچے[3] کے پردے میں جا نکلتی ہے
نہ پوچھ سینۂ عاشق سے آبِ تیغِ نگاہ م کہ زخمِ روزنِ در سے ہوا نکلتی ہے
بہار شوخ و چمن تنگ و رنگِ گل دلچسپ — نسیم باغ سے پا در حنا نکلتی ہے
اسدؔ کو حسرتِ عرضِ نیاز تھی دمِ قتل
ہنوز، یک سخنِ بے صدا نکلتی ہے

---

۱۔ نخ = ور خزاں پیچیدہ ہے لیکن
۲۔ " = آتی
۳۔ " = غنچہ کی خلوت میں



○ ..... ۱۸۱۶ء

زبس کہ مشقِ تماشا، جنوں علامت ہے م کشاد و بستِ مژہ، سیلیِ ندامت ہے
نہ جانوں کیونکے مٹے داغِ طعنِ بد عہدی م تجھے کہ آئنہ بھی ورطۂ ملامت ہے
بہ پیچ[1] و تابِ ہوس، سلکِ عافیت مت توڑ م نگاہِ عجز[2]، سرِ رشتۂ سلامت ہے
وفا مقابل و دعوائے عشق بے بنیاد م جنونِ ساختہ و فصلِ گل، قیامت ہے
اسدؔ، بہارِ تماشائے گلستانِ حیات
وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت ہے

تر جبیں رکھتی ہے، شرمِ قطرہ سامانی مجھے — موجِ گردابِ حیا ہے، چینِ پیشانی مجھے
شبنم آسا کو مجالِ سبحہ گردانی مجھے؟ — ہے، شعاعِ مہر، زنّارِ سلیمانی مجھے
بلبلِ تصویر ہوں بے تابِ اظہارِ تپش — جنبشِ نالِ قلم، جوشِ پر افشانی مجھے
ضبطِ[3] سوزِ دل ہے وجہِ حیرتِ اظہارِ حال — داغ ہے مُہرِ دہن، جوں چشمِ قربانی مجھے
شوخ، ہے مثلِ حباب از خویش[4] بیروں آمدن — ہے گریباں گیرِ فرصت، ذوقِ عریانی مجھے
وا کیا ہرگز نہ میرا[5] عقدۂ تارِ نفس — ناخنِ بُرّیدہ ہے تیغِ صفاہانی مجھے
ہوں، ہیولائے دو عالم صورتِ تقریر، اسدؔ
فکر نے سونپی خموشی کی گریبانی مجھے

---

۱۔ نخ = پیچتاب ۲۔ نخ = خفتہ ۳۔ نخ = حسرت اے ضبط سوزش حیرت
۴۔ " = پوست ۵۔ " = ظالم

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہم زباں آیا نظر فکرِ سخن میں تو مجھے — مردمک ہے طوطیِ آئینۂ زانو مجھے
باعثِ واماندگی ہے عمرِ فرصت جو مجھے — کر دیا ہے پا بہ زنجیرِ رمِ آہو مجھے
پا بدامن ہو رہا ہوں بس کہ میں صحرانورد م خارِ پا ہیں جوہرِ آئینۂ زانو مجھے
خاکِ فرصت بر سرِ ذوقِ فنا! اے انتظار — ہے غبارِ شیشۂ ساعت رمِ آہو مجھے
یادِ مژگاں میں بہ نشتر زارِ سودائے خیال — چاہیے وقتِ تپش یک دست صد پہلو مجھے
*دیکھنا حالت مرے دل کی، ہم آغوشی کے وقت م ہے نگاہِ آشنا، تیرا سرِ ہر مو مجھے
کثرتِ جور و ستم سے ہو گیا ہوں بے دماغ — خوب رویوں نے بنایا[2] عاقبت بدخو مجھے
*ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت کچھ نہ پوچھ م ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے
اضطرابِ عمر بے مطلب نہیں آخر، کہ ہے — جستجوئے فرصتِ ربطِ سرِ[3] زانو مجھے
چاہیے درمانِ ریشِ دل بھی تیغِ ناز[4] سے — مرہمِ زنگار ہے وہ وسمۂ ابرو مجھے
فرصتِ آرامِ غش ہستی ہے بحرانِ عدم — ہے شکستِ رنگِ امکاں گردشِ پہلو مجھے

سازِ[5] ایمائے فنا ہے عالمِ[6] پیری، اسدؔ
قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے

۱۔ نخ = صحرائے — ۲۔ نخ = اسدؔ! آخرکیا
۳۔ " = سروزانو — ۴۔ " = یار
۵۔ " = محوِ — ۶۔ " = فرصتِ
* یہ اشعار پہلی بار متنِ ق میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

یاد ہے شادی میں بھی[1] ہنگامۂ "یارب" مجھے م سبحۂ زاہد ہوا ہے، خندہ زیرِ لب مجھے
ہے کشادِ خاطرِ وابستہ، دررہنِ سخن م تھا طلسمِ قفلِ ابجد، خانۂ مکتب مجھے
*یارب! اس آشفتگی کی داد کس سے چاہیے؟ م رشک، آسایش پہ ہے زندانیوں کی اب مجھے
صبح ناپیدا ہے کلفت خانۂ ادبار میں — توڑنا ہوتا ہے رنگِ یک نفس، ہر شب مجھے
شومیِ طالع سے ہوں ذوقِ معاصی میں اسیر — نامۂ اعمال ہے، تاریکیِ کوکب مجھے
دردِ ناپیدا و بے جا تہمتِ وارستگی — پردہ دارِ یاوگی ہے، وسعتِ مشرب مجھے
طبع ہے مشتاقِ لذت ہائے حسرت کیا[2] کروں! م آرزو سے ہے شکستِ آرزو مطلب مجھے
*دل لگا کر آپ بھی غالبؔ مجھی سے ہو گئے م عشق سے آتے تھے مانع، میرزا صاحب مجھے

کاوشِ دزدِ حنا پوشیدہ افسوں ہے مجھے — ناخنِ انگشتِ خوباں، نعلِ وارژوں ہے مجھے
ریشۂ شہرت دوانیدن ہے، رفتن زیرِ خاک — خنجرِ جلاد، برگِ بیدِ مجنوں ہے مجھے
*ساقیا! دے ایک ہی ساغر میں سب کو، دے کہ آج — آرزوئے بوسۂ لب ہائے مے گوں ہے مجھے
ہو گئے باہم دگر، جوشِ پریشانی سے، جمع — گردشِ جامِ تمنا، دورِ گردوں ہے مجھے
دیکھ لی[3] جوشِ جوانی کی ترقی بھی کہ اب — بدر[4] کے مانند، کاہش روز افزوں ہے مجھے
غنچگی ہے، بر نفس پیچیدنِ فکر، اے اسدؔ — وا شگفتن ہائے دل دررہنِ مضموں ہے مجھے

۱۔ نخ = عقدِ نالہ — ۲۔ نخ = اے اسدؔ
۳۔ " = ہے حسرت اے آغاز و انجامِ سیہ شامِ شباب — ۴۔ نخ = ماہ
* یہ اشعار پہلی بار متنِ ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

دیکھ تری خوئے گرم، دل بہ تپش[1] رام ہے
طائرِ سیماب کو، شعلہ، رگِ دام ہے

شوخیِ چشمِ حبیب، فتنۂ ایّام ہے
قسمتِ بختِ[2] رقیب، گردشِ صد جام ہے

جلوۂ بینش پناہ، بخشے ہے ذوقِ نگاہ
کعبۂ پوشش سیاہ مردمک احرام ہے

گو نفس وجہ غبار؟ جرأت عجز آشکار
در تپش آبادِ شوق، سرمہ، صدا نام ہے

غفلتِ افسردگی، تہمتِ تمکیں نہ ہو
اے ہمہ خوابِ گراں، حوصلہ بدنام ہے

بزمِ وداعِ نظر، یاسِ طربِ نامہ بر
فرصتِ رقصِ شرر، بوسہ بہ پیغام ہے

گریۂ طوفاں رکاب، نالۂ محشر عناں
بے سر و ساماں اسدؔ، فتنہ سرانجام ہے

بس کہ سودائے خیالِ زلف، وحشت ناک ہے
تا دلِ شب، آبنوسی شانہ آسا، چاک ہے

یاں، فلاخن باز، کس کا نالۂ بے باک ہے؟
جادہ، تا کہسار، موئے چینیِ افلاک ہے

ہے دو عالم صیدِ[3] اندازِ شہ دُلدُل سوار
یاں، خطِ پرکارِ ہستی، حلقۂ فتراک ہے

خلوتِ بال و پرِ قمری میں واکر راہِ شوق
جادۂ گلشن، بہ رنگِ ریشہ، زیرِ خاک ہے

عیش گرمِ اضطراب و اہلِ غفلت سرد مہر
دورِ ساغر، یک گلستاں برگِ ریزِ تاک ہے

---

۱۔ نخ = طپش
۲۔ " = کسوت
۳۔ " = نازِ یک صیدِ شر



○ ..... ۱۸۱۶ء

عرضِ وحشت پہ ہے، نازِ ناتوانی ہائے دل
شعلۂ بے پردہ، چینِ دامنِ خاشاک ہے

ہے کمندِ موجِ گل، فتراکِ[1] بے تابی، اسدؔ
رنگ یاں بوسے، سوارِ توسنِ چالاک ہے

چشمِ[2] خوباں، خامشی میں بھی نوا پرداز ہے م
سرمہ تو کہوے کہ دودِ شعلۂ آواز ہے

پیکرِ[5] عشّاق، سازِ طالعِ ناساز ہے م
نالہ گویا، گردشِ سیّارہ کی آواز ہے

ہے، صریرِ خامہ، ریزش ہائے استقبالِ ناز
نامہ خود پیغام کو بال و پرِ پرواز ہے

سرنوشتِ اضطراب انجامیِ الفت نہ پوچھ
نالِ[3] خامہ، خارخارِ خاطرِ آغاز ہے

شرم ہے طرزِ[4] تلاشِ انتخابِ یک نگاہ
اضطرابِ چشمِ بر پا دوختہ غمّاز ہے

نغمہ[5] ہے کانوں میں اُس کے، نالۂ مرغِ اسیر
رشتۂ پا، یاں نوا سامانِ بند ساز ہے

دستگاہِ[5] دیدۂ خونبارِ مجنوں دیکھنا م
یک بیاباں جلوۂ گل، فرشِ پا انداز ہے

نقشِ سطرِ[6] صد تبسّم ہے برآبِ زیرِ گاہ
حُسن کا خطِ پرِ پنہاں خندیدنی انداز ہے

---

۱۔ نخ = آشفتہ فتراکی، اسدؔ
۲۔ " = ہے چشمِ خوباں، مے فروشِ نشّہ زارِ ناز ہے
سرمہ گویا دودِ موجِ شعلۂ آواز ہے
۳۔ " = ہے نالِ خامہ، خار در پیراہنِ آغاز ہے
۴۔ " = وضعِ تاثّل
۵۔ " = ہے نالۂ دل نغمہ ریزاں ہے بہ مضرابِ خیال
۶۔ " = صد سطرِ تبسّم (شاید سہوِ کتابت)
ہ یہ اشعار پہلی بار متنِ ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

شوخیِ[1] اظہار غیر از وحشتِ مجنوں نہیں  لیلیِ معنی، اسد، محمل نشینِ راز ہے

بس کہ حیرت سے زِ پا افتادۂ زنہار ہے  ناخنِ انگشت، تبخالِ لبِ بیمار ہے
جی[+] جلے ذوقِ فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں؟ م  ہم نہیں جلتے، نفَس ہر چند آتش بار ہے
زُلف سے شب درمیاں دادن نہیں ممکن[2] دریغ!  ورنہ[3]، صد محشر بہ رہنِ جلوۂ رخسار ہے
ہے[+] وہی بدمستیِ ہر ذرہ کا خود عذر خواہ م  جس کے جلوے سے زمیں تا آسماں سرشار ہے
بس کہ ویرانی سے کفر و دیں ہوئے زیر و زبر  گردِ صحرائے حرم تا کوچۂ زُنّار ہے
اے سرِ شوریدہ، ذوقِ[4] عشق و پاسِ آبرو!  جوششِ[6] سودا کب حریفِ منّتِ دستار ہے
مجھ[+] سے مت کہ "تو ہمیں کہتا تھا اپنی زندگی" م  زندگی سے بھی مرا جی ان دنوں بیزار ہے
آنکھ[○] کی تصویر سر نامے پہ کھینچی ہے کہ تا م  تجھ پہ کھل جاوے کہ اس کو حسرتِ دیدار ہے
وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے مگر  فتنۂ[7] تاراجِ تمنا کے لیے درکار ہے
ایک[*] جا حرفِ وفا لکھا تھا، سو بھی مٹ گیا م  ظاہرا، کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے

---

۱۔ نخ = ہے شوخیِ اظہار کو، جُز وحشتِ مجنوں اسد
بس کہ لیلائے سخن محمل نشینِ راز ہے
۲۔ ″ = قدرت ۳۔ نخ = ہے ورنہ محشر ما بہ رہنِ صافیِ رخسار ہے
۴۔ ″ = در ۵۔ ″ = سامان
۶۔ ″ = ہے یک طرف سودا و یک سو منّتِ دستار ہے
۷۔ ″ = ہے بہرِ تاراجِ تمنّا، فتنہ درکار ہے
٥ یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا
* یہ شعر پہلی مرتبہ متن ق میں درج ہوا
+ یہ اشعار پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھائے گئے



○..... ۱۸۱۶ء

آگ سے پانی میں بجھتے وقت اُٹھتی ہے صدا م  ہر کوئی، درماندگی میں نالے سے ناچار ہے
در خیال آبادِ سودائے سرِ مژگانِ دوست  صد رگِ جاں جادہ[1] آسا، وقفِ نشتر زار ہے
خانماں ہا، پائمالِ شوخیِ دعویٰ، اسد
سایۂ دیوار، سیلابِ در و دیوار ہے

کوہ کے ہوں بارِ خاطر، گر صدا ہو جائیے م  بے تکلف اے شرارِ جستہ، کیا ہو جائیے؟
یاد رکھیے نازہائے التفاتِ[2] اوّلیں  آشیانِ طائرِ رنگِ حنا ہو جائیے
بیضہ آسا، تنگ بال و پر ہے یہ کنجِ قفس م  از سرِ نو زندگی ہو، گر رہا ہو جائیے
لطفِ عشقِ ہر یک اندازِ دگر دکھلائے گا  بے تکلف یک نگاہِ آشنا ہو جائیے
داد از دستِ جفائے صدمۂ ضربُ المثَل!  گر ہمہ افتادگی، جوں نقشِ پا ہو جائیے
از دلِ ہر دردمندے جوششِ بے تابی زدن  اے ہمہ بے مدّعائی، یک دعا ہو جائیے
وسعتِ مشرب، نیازِ کلفتِ وحشت، اسد
یک بیاباں سایۂ بالِ ہما ہو جائیے

کوشش، ہمہ بے تابِ تردّد شکنی ہے  صد جنبشِ دل، یک مژہ برہم زدنی ہے

---

۱۔ نخ = جادۂ صحرائے نشتر زار
۲۔ ″ = رفتۂ دل بردنی
▭ یہ شعر م میں طبع ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

گو حوصلہ پامردِ تغافل نہیں، لیکن    خاموشیِ عاشق، گلۂ کم سخنی ہے
دی لطفِ ہوا نے بہ جنوں، طرفہ نزاکت    تا آبلہ، دعوائے[1] تنک پیرہنی ہے
رامشگرِ اربابِ فنا، نالۂ زنجیر[2]    عیشِ ابد، از خویش بروں تاختنی ہے
ازبس کہ ہے محوِ بہ چمن تکیہ زدن ہا    گل برگ، پر بالشِ سرو چمنی ہے
آئینہ و شانہ، ہمہ دست و ہمہ زانو    اے حسن، مگر حسرتِ پیماں شکنی ہے

فریاد، اسدؔ، بے نگہی ہائے بتاں سے
سچ کہتے ہیں، واللہ، کہ اللہ غنی ہے

کاشانۂ ہستی کہ برانداختنی ہے    یاں سوختنی، اور[3] وہاں ساختنی ہے
ہے شعلۂ شمشیرِ فنا، حوصلہ پرداز[4]    اے داغِ تمنا، سپر انداختنی ہے
جز خاک بسر کردنِ بے فائدہ حاصل؟    ہر چند بہ میدانِ ہوس تاختنی ہے
اے بے ثمراں! حاصلِ تکلیف دمیدن    گردن، بہ تماشائے گل، افراختنی ہے

ہے سادگیِ ذہن، تمنائے تماشا
جائے کہ، اسدؔ، رنگِ چمن باختنی ہے

---

۱۔ نخ = پرداز
۲۔ نخ = اسپند
۳۔ رر = چارہ گرِ
۴۔ رر = افکار



○ ..... ۱۸۱۶ء

حکمِ بے تابی نہیں، اور آرمیدن منع ہے    باوجودِ مشقِ وحشت ہا، رمیدن منع ہے
شرم، آئینہ تراشِ جبہۂ طوفاں ہے[1]    آب گردیدن روا، لیکن چکیدن منع ہے
بیخودی، فرماں روائے حیرت آبادِ جنون    زخم دوزی جرم و پیراہن دریدن منع ہے
مژدۂ دیدار سے رسوائیِ اظہار دور    آج کی شب، چشم کو کب تک پریدن منع ہے
بیمِ طبعِ نازکِ خوباں سے، وقتِ سیرِ باغ    ریشۂ زیرِ زمیں کو بھی دویدن منع ہے
یار معذورِ تغافل ہے، عزیزاں شفقتے!    نالۂ بلبل بگوشِ گل شنیدن منع ہے

مانعِ بادہ کشی نادان ہے، لیکن، اسدؔ
بے ولائے ساقیِ کوثر کشیدن منع ہے

چار سوئے عشق میں صاحب دکانی مفت ہے    نقد ہے داغِ دل، اور آتش زبانی مفت ہے
زخمِ دل پر باندھیے حلوائے مغزِ استخواں    تندرستی فائدہ، اور ناتوانی مفت ہے
نقدِ انجم تا بکے از کیسہ بیروں ریختن؟    یعنی، اے پیرِ فلک، شامِ جوانی مفت ہے
گر نہیں پاتا درونِ خانہ، ہر بیگانہ، جا    بر درِ نکشودۂ دل، پاسبانی مفت ہے
چونکہ بالائے ہوس پر ہر قبا کوتاہ ہے    بر ہوس ہائے جہاں دامن فشانی مفت ہے
*یک نفس، ہر یک نفس، جاتا ہے قسطِ عمر میں    حیف ہے اُن کو جو سمجھیں زندگانی مفت ہے
مال و جاہ و دست و پا بے زر خریدہ ہیں، اسدؔ    پس بہ دل ہائے دگر راحت رسانی مفت ہے

---

۱۔ نخ = پا    * یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

بے تابیِ یادِ دوست، ہم رنگِ تسلّی ہے — غافل، تپشِ مجنوں، محمل کشِ لیلیٰ ہے
کلفت کشیِ ہستی، بدنامِ دو رنگی ہے — یاں تیرگیِ اختر[۱]، خالِ رخِ زنگی ہے
دیدن ہمہ بالیدن، کردن ہمہ افسردن — خوشتر زگل و غنچہ، چشم و دلِ ساقی ہے
وہمِ طربِ[۲] ہستی، ایجادِ سیہ مستی — تسکیں دہِ صد محفل، یک ساغرِ خالی ہے
زندانِ تحمّل میں مہمانِ تغافل ہیں — بے فائدہ یاروں کو فرقِ غم و شادی ہے
ہووے نہ غبارِ دل، تسلیمِ زمیں گیراں — مغرور نہ ہو، ناداں، سرتاسرِ گیتی ہے

رکھ[۳] فکرِ سخن میں تو معذور مجھے، غالبؔ
یاں زورقِ خودداری، طوفانیِ معنی ہے

گلشن کو تری صحبت، ازبس کہ خوش آئی ہے — م — ہر[۴] غنچے کا گُل ہونا، آغوش کشائی ہے
*واں کنگرِ استغنا، ہر دم ہے بلندی پر — م — یاں نالے کو اور اُلٹا دعوائے رسائی ہے
آئینہ نفَس سے بھی[۵] ہوتا ہے کدورت کش — عاشق کو غبارِ دل، اک وجہِ صفائی ہے

---

۱۔ نخ = ایّام
۲۔ 〃 = تپشِ
۳۔ 〃 = ہوں وقتِ سخن گوئی ہر صورت اسدؔ، معذور
۴۔ 〃 = غنچوں کے شگفتن میں
۵۔ 〃 = آئینہ نفَس سے ہو حیرانِ کدورت ہا — یاں جوشِ غبارِ دل، سامانِ صفائی ہے
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

ازبس کہ سکھاتا ہے غم ضبط کے اندازے — م — جو داغ[۱] نظر آیا، اک چشم نمائی ہے
ہنگامِ تصوّر ہوں دریوزہ گرِ بوسہ — یہ کاسۂ زانو بھی[۲] اک جامِ گدائی ہے

وہ دیکھ کے حسن اپنا، مغرور ہوا، غالبؔ!
صد جلوۂ آئینہ، یک صبحِ جدائی ہے

دریوزۂ ساماں ہا، اے بے سروسامانی — ایجادِ گریباں ہا، در پردۂ عریانی
تمثالِ تماشا ہا، اقبالِ تمنّا ہا — عجزِ عرقِ شرمے، اے آئنہ حیرانی
دعوائے جنوں باطل، تسلیم عبث حاصل — پروازِ فنا مشکل، بیں عجزِ تن آسانی
بیگانگیِ خو ہا، موجِ رمِ آہو ہا — دامِ گلۂ الفت، زنجیرِ پشیمانی
پروازِ تپش رنگی، گلزارِ ہمہ تنگی — خوں ہو قفسِ دل میں، اے ذوقِ[۳] پر افشانی
سنگ آمد و سخت آمد، دردِ سرِ خودداری — معذورِ سبک ساری، مجبورِ گراں جانی

گلزارِ تمنّا ہوں، گلچینِ تماشا ہوں
صد نالہ اسدؔ، بلبل دربندِ زباں دانی

نظر بہ نقصِ گدایاں، کمالِ بے ادبی ہے — کہ خارِ خشک کو بھی دعویِٔ چمن نسبی ہے

---

۱۔ نخ = داغوں کا نظر آنا، اک
۲۔ 〃 = ہے، یا — ۳۔ نخ = سعیِ

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہُوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ — لبِ قدح پہ کفِ بادہ، جوشِ تشنہ لبی ہے
خوشا! وہ دل کہ سراپا طلسمِ بےخبری ہو[1] — جنونِ[2] یاس والم، رزقِ مدّعا طلبی ہے
*تم اپنے شکوے کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو — حذر کرو مرے دل سے کہ اس میں آگ دبی ہے
چمن میں کس کی، یہ برہم ہوئی ہے بزمِ تماشا؟ — کہ برگ برگِ سمن[3]، شیشہ ریزۂ حلبی ہے
*دلا! یہ درد والم بھی تو مغتنم ہے کہ آخر — نہ گریۂ سحری ہے، نہ آہِ نیم شبی ہے
امامِ[4] ظاہر و باطن، امیرِ صورت و معنی
علی، ولی، اسداللہ، جانشینِ نبیؐ ہے

دلا، عبث[5] ہے تمنائے خاطر افروزی — کہ بوسۂ لبِ شیریں[6] ہے اور گلو سوزی
طلسمِ آئنۂ زانوئے فکر ہے[7]، غافل — ہنوز حسن کو ہے، سعیِ جلوہ اندوزی
ہوئی ہے سوزشِ دل، بس کہ داغِ بےاثری — اُگی ہے دودِ جگر سے شبِ سیہ روزی
بہ پرفشانیِ پروانہ، چراغِ مزار! — کہ بعدِ مرگ بھی ہے لذّتِ جگر سوزی
تپش تو کیا، نہ ہوئی مشقِ پرفشانی[8] بھی — رہا میں ضعف سے شرمندۂ نو آموزی

---

۱۔ رخ = سے خوشا خیالِ کسانے کہ محوِ بےخبری ہیں
۲۔ ״ = حصول ۳۔ رخ = کہ برگِ لالہ و گُل
۴۔ ״ = سے اسد کو کیوں نہ ہو امیدِ لطفِ بندہ نوازی
۵۔ ״ = غلط ۶۔ رخ = مے گوں
۷۔ ״ = خود بینی ۸۔ ״ = یک پرافشاندن
* یہ اشعار پہلی مرتبہ متن ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

اسد، ہمیشہ پئے کفشِ پائے سیم تناں — شُعاعِ مہر سے کرتا ہے چرخ زردوزی

خبر نگہ کو، نگہ چشم کو عدو جانے — وہ جلوہ کر کہ نہ میں جانوں اور نہ تو جانے
نفس بہ نالہ رقیب و نگہ بہ اشک عدو — زیادہ اس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے
بہ کسوتِ عرقِ شرم[1] قطرہ زن ہے خیال — مباد، حوصلہ معذورِ جستجو جانے
جنوں فسردۂ تمکیں ہے، کاش! عہدِ وفا — گدازِ حوصلہ کو پاسِ آبرو جانے
+نہ ہووے کیونکے اُسے فرضِ قتلِ اہلِ وفا — لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے
زباں سے عرضِ تمنائے خامشی معلوم — مگر وہ خانہ بر اندازِ گفتگو جانے
مسیحِ کشتۂ الفت، بر علی خاں ہے
کہ جو، اسد، تپشِ نبضِ آرزو جانے

اگر گُل حسنِ الفت کی بہم جوشیدنی جانے — پرِ بلبل کے افسردن کو دامن چیدنی جانے
فسونِ حسن سے ہے، شوخیِ گلگونہ آرائی — بہار، اُس کی کفِ مشاطہ میں بالیدنی جانے
نوائے بلبل و گل، پاسبانِ بےدماغی ہے[2] — بہ یک مژگانِ خوباں، صد چمن خوابیدنی جانے

---

۱۔ رخ = سے تپش ہے شرم بقدرِ چکیدنِ عرقے
۲۔ ״ = ہا
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھایا گیا

○ ..... ۱۸۱۶ء

نہ ہے! شبِ زندہ دارِ انتظارستاں، کہ وحشت سے — مژہ پیچک[1] میں مہ کی سوزن آسا، چیدنی جانے
خوشا! مستی[2]، کہ جوشِ حیرتِ اندازِ قاتل سے — نگہ، شمشیر میں جوں جوہر، آرامیدنی جانے
جفا شوخ و ہوس گستاخ مطلب ہے، مگر عاشق — نفس، در قالبِ خشتِ لحد دزدیدنی جانے
نوائے طائرانِ آشیاں گم کردہ آتی ہے — تماشا ہے کہ رنگِ رفتہ برگردیدنی جانے

اسد، جاں نذرِ الطافے کہ ہنگامِ ہم آغوشی
زبانِ ہر سرِ مو، حالِ دل پرسیدنی جانے

گلستاں، بے تکلف[3] پیش پا افتادہ مضموں ہے — جو تو[4] باندھے کفِ پا پر حنا، آئینہ موزوں ہے
بہارِ گل دماغِ نشۂ ایجادِ مجنوں ہے — ہجومِ برق سے، چرخ و زمیں یک قطرۂ خوں ہے
ہجومِ[5] گریہ سوئے دل، خوشا! سرمایۂ طوفاں — پرِ انگشتِ حسابِ اشک، ناخن، نعلِ واژوں ہے
عدم وحشت سراغ و ہستی آئیں بندِ رنگینی — دماغِ دو جہاں پر سنبل و گل یک شبِ خوں ہے
تماشا ہے علاجِ بے دماغی ہائے دل، غافل — سُویدا مردمِ چشمِ پری، نظارہ افسوں ہے
فنا، کرتی ہے زائل سرنوشتِ کلفتِ[6] ہستی — سحر، از بہرِ شست و شوئے داغِ ماہ، صابوں ہے
اسد، ہے آج مژگانِ تماشا کی حنا بندی — چراغانِ نگاہ و شوخیِ اشکِ جگر گوں ہے

---

۱- نخ = در پیچکِ مہ، سوزن آسا- - -
۲- ״ = شوقے ۳- نخ = یک تماشا
۴- ״ = اگر ۵- ״ = رجوعِ
۶- ״ = کلفتِ اظہاری



○ ..... ۱۸۱۶ء

صبح سے معلوم، آثارِ ظہورِ شام، ہے — غافلاں! آغازِ کار، آئینۂ انجام ہے
بس کہ[1] ہے صیاد راہِ عشق میں محوِ کمیں — جادۂ رہ سر بسر، مژگانِ چشمِ دام ہے
بس کہ تیرے جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق — ہر بُتِ خُرشید[2] طلعت، آفتابِ بام ہے
مستعدِ قتلِ یک عالم ہے، جلادِ فلک — کہکشاں، موجِ شفق میں تیغِ خوں آشام ہے
کیا کمالِ عشق، نقص آبادِ گیتی میں ملے — پختگی ہائے تصور، یاں خیالِ خام ہے

ہو جہاں، وہ ساقیِ خُرشید[3] رو، مجلس فروز
واں، اسد، تارِ شعاعِ مہر خطِ جام ہے

دیکھتا ہوں وحشتِ شوقِ خروش آمادہ سے — فالِ رسوائی، سرشکِ سر بصحرا دادہ سے
دام گر سبزے میں پنہاں کیجیے طاؤس ہو — جوشِ نیرنگِ بہارِ عرضِ صحرا دادہ سے
آمدِ[4] سیلابِ طوفانِ صدائے آب ہے — م — نقشِ پا، جو کان میں رکھتا ہے انگلی جادہ سے
بزمِ مے، وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا؟ — م — شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے
خیمۂ لیلیٰ سیاہ و خانۂ مجنوں خراب — جوشِ ویرانی ہے عشقِ داغ بیروں دادہ سے

بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ جس[5] کو ہم، اسد
دیکھتے ہیں چشم از خوابِ عدم نکشادہ سے

---

۱- نخ = ے بس کہ صیاداں براہِ عشق ہیں صرفِ کمیں
۲- ״ = خورشید ۴- نخ = سے پاترابِ سیلِ طوفانِ
۳- ״ = خورشید ۵- نخ = غالب ہم جسے

○ ..... ۱۸۱۶ء

اے خیالِ وصل، نادر ہے مےِ آشامی تری
پختگی ہائے کبابِ دل ہوئی خامی تری

ریخ گیا جوشِ صفا سے زلف کا اعضا میں عکس[1]
ہے نزاکت جلوہ، اے ظالم، سیہ خامی تری

برگ ریزی ہائے گُل، ہے وضعِ زر افشاندنی
باج لیتی ہے گلستاں سے گل اندامی تری

بس کہ ہے عبرت ادیبِ یادگی ہائے ہوس
میرے کام آئی، دلِ مایوس ناکامی تری

ہم نشینیِ رقیباں، گرچہ ہے سامانِ رشک
لیکن اس سے ناگوارا تر ہے بدنامی تری

تجھ کو، اے غفلت نسب، پروائے مشتاقاں کہاں!
یاں نگہ آلودہ ہے دستارِ بادامی تری

سر بزانوے کرم رکھتی ہے شرمِ ناکسی
اے اسدؔ، بیجا نہیں ہے غفلت آرامی تری

چشمِ گریاں، بسملِ شوقِ بہارِ دید ہے
اشک ریزی عرضِ بال افشانیِ اُمید ہے

دامنِ گردوں میں رہ جاتا ہے ہنگامِ وداع
گوہرِ شب تاب، اشکِ دیدۂ خورشید[2] ہے

رتبۂ تسلیمِ خُلّت مشرباں، عالی[3] سمجھ
چشمِ قربانی، گلِ شاخِ ہلالِ عید ہے

کچھ نہیں حاصل تعلق میں بغیر از کشمکش[4]
اے خوشا! رندے کہ مرغِ گلشنِ تجرید ہے

کثرتِ اندوہ سے حیران و مضطر ہے اسدؔ
یا علی، وقتِ عنایات و دمِ تائید ہے

---

۱۔ نخ = چھا گیا فرطِ صفا
۲۔ نخ = خورشید
۳۔ // = فردوس زیب
۴۔ // = سوز و ساز



○ ..... ۱۸۱۶ء

دل[1] سراپا وقفِ سودائے نگاہِ تیز ہے
یہ زمیں مثلِ نیستاں، سخت ناوک خیز ہے

ہو[2] سکے کیا خاک دستِ و بازوے فرہاد سے؟
بیستوں، خوابِ گرانِ خسروِ پرویز ہے

ان ستم کیشوں کے کھائے ہیں، زبس، تیرِ نگاہ
پردۂ بادام، یک غربالِ حسرت بیز ہے

خوں چکاں ہے جادہ، مانندِ رگِ سودائیاں
سبزۂ صحرائے الفت، نشترِ خوں ریز ہے

ہے بہارِ تیز رَو، گلگونِ نکہت پر سوار
یک شکستِ رنگِ گل، صد جنبشِ مہمیز ہے

کیوں نہ ہو چشمِ بتاں، محوِ تغافل کیوں نہ ہو؟ م
یعنی اس بیمار کو نظارے سے پرہیز ہے

مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائے گی م
وائے ناکامی! کہ اُس کافر کا خنجر تیز ہے

عارضِ گل دیکھ، رُوئے یار یاد آیا، اسدؔ م
جوششِ فصلِ بہاری، اشتیاق انگیز ہے

نظر پرستی و بے کاریِ خود آرائی
رقیبِ آئنہ ہے، حیرتِ تماشائی

زخود گزشتنِ دل، کاروانِ حیرت ہے
نگہ، غبارِ ادب گاہِ جلوہ فرمائی

نہیں ہے حوصلہ، پامردِ کثرتِ تکلیف
جنونِ ساختہ، حرزِ فسونِ دانائی

بچشمِ در شدہ مژگاں، ہے جوہرِ[3] رگِ خواب
نہ پوچھ نازکیِ وحشتِ شکیبائی

خرابِ نالۂ بلبل، شہیدِ خندۂ گل
ہنوز دعویِ تمکین و بیمِ رسوائی

شکستِ سازِ خیال، آں سوے گریوۂ[4] غم
ہنوز نالہ پَر افشانِ ذوقِ رعنائی

---

۱۔ نخ = ہے وہ مژہ برآہ رو بانیدن از دل تیز ہے
۲۔ نخ = ہے تیشۂ فولاد و دستِ بازوے فرہاد کیا
۳۔ نخ = شوخی
۴۔ نخ = دل اُفتادن

یہ اشعار پہلی بار متن میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہزار قافلۂ آرزو، بیاباں مرگ — ہنوز محملِ حسرت بدوشِ خود رائی

ودائعِ حوصلہ، توفیقِ شکوۂ عجزِ وفا

اسدؔ ہنوز، گمانِ غرورِ دانائی!

گدائے طاقتِ تقریر ہے، زباں تجھ سے — کہ خامشی کو ہے پیرایۂ بیاں تجھ سے

فسردگی میں ہے فریادِ بے دلاں تجھ سے — چراغِ صبح و گُلِ موسمِ خزاں تجھ سے

بہارِ حیرتِ نظّارہ، سخت جانی ہے — حنائے پائے اجل، خونِ کشتگاں تجھ سے

پری بہ شیشہ و عکسِ رخ اندر آئینہ — نگاہِ حیرتِ مُشّاطہ، خوں فشاں تجھ سے

طراوتِ سحر ایجادیٔ اثر یک سو — بہارِ نالہ و رنگینیٔ فغاں تجھ سے

چمن چمن گلِ آئینہ در کنارِ ہوس — امید، محوِ تماشائے گلستاں تجھ سے

نیاز، پردۂ اظہارِ خود پرستی ہے — جبینِ سجدہ فشاں تجھ سے، آستاں تجھ سے

بہانہ جوئیِ رحمت، کمیں گرِ تقریب — وفائے حوصلہ و رنجِ امتحاں تجھ سے

اسدؔ[1] طلسمِ قفس میں رہے، قیامت ہے!

خرام تجھ سے، صبا تجھ سے، گلستاں تجھ سے

شکلِ طاؤس، گرفتار بنایا ہے مجھے — ہوں وہ گلدام کہ سبزے میں چھپایا ہے مجھے

---

۱۔ نخ = ے اسدؔ بموسمِ گلؔ در طلسمِ کنجِ قفس



○ ..... ۱۸۱۶ء

پرِ طاؤس، تماشا نظر آیا ہے مجھے — ایک دل تھا کہ بصد رنگ دکھایا[1] ہے مجھے

عکسِ خط، تا سخنِ ناصحِ دانا سرسبز — آئنہ، بیضۂ طوطی نظر آیا ہے مجھے

سنبلستانِ جنوں ہوں، ستم نسبتِ زلف — موکشاں خانۂ زنجیر میں لایا ہے مجھے

گردباد، آئنۂ محشرِ خاکِ مجنوں — یک بیاباں دلِ بیتاب اٹھایا ہے مجھے

حیرتِ کاغذِ آتش زدہ ہے، جلوۂ عمر — تۂ[2] خاکسترِ صد آئنہ پایا ہے مجھے

لالہ و گل بہم آئینۂ اخلاقِ بہار — ہوں میں وہ داغ کہ پھولوں میں بسایا ہے مجھے

دردِ اظہارِ تپش، کسوتِ گل معلوم! — ہوں میں وہ چاک کہ کانٹوں سے سلایا ہے مجھے

بے دماغِ تپش و عرضِ[3] دو عالم فریاد — ہوں میں وہ خاک کہ ماتم میں اڑایا ہے مجھے

جامِ ہر ذرّہ ہے سرشارِ تمنّا مجھ سے — کس کا دل ہوں؟ کہ دو عالم سے لگایا ہے مجھے

جوشِ فریاد سے لوں گا دیتِ خواب، اسدؔ

شوخیٔ نغمۂ بیدلؔ نے جگایا ہے مجھے

باغ تجھ بن گلِ نرگس سے ڈراتا ہے مجھے — چاہوں گر سیرِ چمن، آنکھ دکھاتا ہے مجھے

ماہِ نو ہوں کہ فلک عجز سکھاتا ہے مجھے — عمر بھر ایک ہی پہلو پہ سلاتا ہے مجھے

---

۱۔ نخ = چشم

۲۔ ″ = ڈھونڈھ

۳۔ ″ = عجز

○ ..... ۱۸۱۶ء

باغ[5]، پاکر خفقانی، یہ ڈراتا ہے مجھے  م  سایۂ شاخِ گل، افعی نظر آتا ہے مجھے
نالہ، سرمایۂ یک عالم و عالم، کفِ خاک  م  آسماں، بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے
جوہرِ تیغ بسر چشمۂ دیگر معلوم  م  ہوں میں وہ سبزہ کہ زہراب اُگاتا ہے مجھے
مُدّعا، محوِ تماشاے شکستِ دل ہے  م  آئنہ خانے میں کوئی لیے جاتا ہے مجھے
شورِ تمثال ہے کس رشکِ حسن کا، یارب؟  آئنہ، بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے
حیرت[1] آئینۂ انجامِ جنوں ہوں جوں شمع  کس قدر داغِ جگر شعلہ اٹھاتا ہے مجھے
میں ہوں اور حیرت[2] جاوید، مگر ذوقِ خیال  بہ فسونِ نگہِ ناز ستاتا ہے مجھے
[▭] زندگی میں تو وہ محفل سے اُٹھا دیتے تھے  م  دیکھوں، اب مر گئے پر کون اُٹھاتا ہے مجھے

حیرتِ فکرِ سخن، سازِ سلامت ہے، اسدؔ
دل پسِ زانوے آئینہ بٹھاتا ہے مجھے

قتلِ عُشّاق نہ غفلت کشِ تدبیر آوے  یارب، آئینہ بہ طاقِ خمِ شمشیر آوے
بالِ طاؤس ہے رعنائیِ ضعفِ پرواز  کون ہے داغ کہ شعلے کا عناں گیر آوے
عرضِ حیرانیِ بیمارِ محبت معلوم  عیسیٰ، آخر بکف آئینۂ تصویر آوے

---

۱۔ نخ = عبرت
۲۔ " = حسرت
٥ یہ شعر پہلی بار متن قا میں درج ہوا
▭ یہ شعر م میں طبع ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

ذوقِ راحت اگر احرامِ تپش ہو، جوں شمع  پاے خوابیدہ، بہ دلجوئیِ شبگیر آوے
اُس بیاباں میں گرفتارِ جنوں ہوں کہ جہاں  موجۂ ریگ سے دل، پاے بہ زنجیر آوے
وہ گرفتارِ خرابی ہوں کہ فوّارہ[1] نمط  سیل، صیادِ کمیں خانۂ تعمیر آوے

سرِ معنی بہ گریبانِ شقِ خامہ، اسدؔ
چاکِ دل، شانہ کشِ طرّۂ تحریر آوے

تشنۂ[2] خونِ تماشا جو وہ پانی مانگے  آئنہ، رخصتِ اندازِ روانی مانگے
رنگ[3] نے گل سے دمِ عرضِ پریشانیِ بزم  برگِ گل، ریزۂ مینا کی نشانی مانگے
زلفِ تحریر پریشانِ تقاضا ہے، مگر  شانہ ساں، مُو بہ زباں خامۂ مانی مانگے
آمدِ خط ہے، نہ کر خندۂ شیریں کہ، مباد!  چشمِ مور، آئنۂ دل نگرانی مانگے
ہوں گرفتارِ کمیں گاہِ تغافل کہ جہاں  خوابِ صیاد سے، پرواز، گرانی مانگے
چشمِ پرواز و نفس خفتہ، مگر ضعفِ امید  شہپرِ کاہ، پئے مژدہ رسانی مانگے
تو وہ بدخو[4] کہ تحیّر کو تماشا جانے  م  غم[5] وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے
وحشتِ شورِ تماشا ہے کہ جوں نکہتِ گل  نمکِ زخمِ جگر بال فشانی مانگے

---

۱۔ نخ = جوں فوّارہ
۲۔ " = چشمک
۳۔ " = رنگ سے گل نے
۴۔ " = افسوں
۵۔ " = دل

○ ..... ۱۸۱۶ء

نقشِ نازِ بُتِ طنّاز بآغوشِ رقیب  م  پائے طاؤس، پئے خامۂ مانی مانگے
وہ تبِ عشق تمنّا ہے کہ پھر صورتِ شمع  م  شعلہ تا نبضِ جگر ریشہ دوانی مانگے
گر ملے حضرتِ بیدل کا خطِ لوحِ مزار
اسدؔ، آئینۂ پردازِ معانی مانگے

۱۔ نخ = جوں رشتۂ شمع

۱ ملاحظہ فرمائیے یہ عبارت ص ۵۹۴ کے حاشیہ ۲ سے متعلق
'غالب اور شاہانِ تیموریہ' (ص ۹۶) میں درج ہے
"یہ قطعۂ تہنیت' دہلی اردو اخبار کی ۳ دسمبر ۱۸۵۳ء کی اشاعت
میں شامل ہے۔ یہ بادشاہ کے غسلِ صحت کے موقع پر پڑھا گیا"
تاہم یہ پہلی بار کتابی شکل میں نسخہ رام پور ثانی (قد) مکتوبہ
۱۸۵۵ء میں شامل ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ اس علالت سے شفایاب
ہونے کے بعد شاہ ظفر کا "شیوت کی طرف ....... رجحان
ہوگیا تھا"

L



○..... ۱۸۱۶ء

خوابِ جمعیّتِ مخمل ہے پریشاں مجھ سے  رگِ بستر کو ملی شوخیِ مژگاں مجھ سے
غمِ عشّاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں  م  کس قدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے
کُنجِ تاریک و کمیں گیریِ اخترشُمری  عینکِ چشم بنے روزنِ زنداں مجھ سے
اے تسلّی، ہوسِ وعدہ فریب افسوں ہے  ورنہ کیا ہو نہ سکے نالہ بہ ساماں مجھ سے
بستنِ عہدِ محبّت ہمہ نادانی تھا  چشمِ نکشودہ رہا عقدۂ پیماں مجھ سے
آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما تجھ سے  چشمک آرائیِ صد شہرِ چراغاں مجھ سے
اے اسدؔ، دسترسِ وصلِ تمنّا معلوم
کاش! ہو قدرتِ برچیدنِ داماں مجھ سے

فرصتِ آئینۂ صد رنگ خود آرائی ہے  روز و شب یک کفِ افسوسِ تماشائی ہے
وحشتِ زخمِ وفا دیکھ کہ سرتاسرِ دل  بخیہ جوں جوہرِ تیغ، آفتِ گیرائی ہے
شمع آسا، چہ سرِ دعویٰ؟ و کو پائے ثبات؟  گلِ صد شعلہ بیک جیبِ شکیبائی ہے
نالہ خونیں ورق، و دل گلِ مضمونِ شفق  چمن آرائے نفس، وحشتِ تنہائی ہے
بوئے گل فتنۂ بیدار و چمن جامۂ خواب  وصلِ ہر رنگ جنوں کسوتِ رسوائی ہے

۱۔ نخ = آرزو خانہ  ۲۔ نخ = ہوا
۳۔ " = افشاں  ۴۔ " = یک
۵۔ " = تپش

○ ..... ۱۸۱۶ء

شرمِ طوفانِ خزاں رنگِ طرب گاہِ بہار     ماہتابی بکفِ چشمِ تماشائی ہے
باغِ خاموشیِ دل سے سخنِ عشق، اسدؔ     نفسِ سوختۂ رمزِ چمن ایمائی ہے
اُگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالبؔ     م     ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے

کارگاہِ ہستی میں لالہ داغ ساماں ہے     م     برقِ خرمنِ راحت، خونِ گرمِ دہقاں ہے
ہم سے رنجِ بیتابی کس طرح اٹھایا جائے؟     م     داغ، پشتِ دستِ عجز، شعلہ خس بدنداں ہے
حیرتِ تپیدن ہا، خوں بہائے دیدن ہا     رنگِ گل کے پردے میں آئنہ پرافشاں ہے
عشق کے تغافل سے ہرزہ گرد ہے عالم     روئے شش جہت آفاق، پشتِ چشمِ زنداں ہے
غنچہ تا شگفتن ہا، برگِ عافیت معلوم!     م     باوجودِ دل جمعی، خوابِ گل پریشاں ہے
وحشت انجمن ہے گل، دیکھ لالے کا عالم     مثلِ دودِ مجمر کے داغ بال افشاں ہے
اے کرم، نہ ہو غافل، ورنہ ہے اسدؔ بیدل     بے گہر صدف گویا پشتِ چشمِ نیساں ہے

---

۱۔ نخ = گلِ مہتاب بکف
۲۔ ″ = یہ مطلعِ اول ہے اور یوں ہے:

داغِ پشتِ دستِ عجز، شعلہ خس بدنداں ہے
اے ہوسِ رعونت ہا، کارِ عشق آساں ہے

۳۔ ″ = طپیدن ہا     ۴۔ نخ = سے گل بجوہ از لالہ، بزم سازِ بے تابی     ۵۔ نخ = ہا
۶۔ ″ = ورنہ عشق ہے بیدل     ۷۔ نخ = از گہر صدف خالی
٭ نسخۂ شیرانی (۱۸۲۶ء) کے متن سے غالبؔ نے اس غزل کا مقطع ؎ باغِ خاموشیِ دل ---------- اسدؔ حذف کرکے یہ مقطع شامل کر دیا۔ یہاں دونوں مقطعے دیے گئے ہیں



○ ..... ۱۸۱۶ء

جورِ زلف کی تقریر، پیچ تابِ خاموشی     ہند میں اسدؔ نالاں، نالہ در صفاہاں ہے

گریۂ سرشاریِ شوق بہ بیاباں زدہ ہے     قطرۂ خونِ جگر، چشمکِ طوفاں زدہ ہے
گریہ بے لذتِ کاوش نہ کرے جرأتِ شوق     قطرۂ اشکِ دل، بر صفِ مژگاں زدہ ہے
بے تماشا نہیں جمعیتِ چشمِ بسمل     مژہ فالِ دو جہاں خوابِ پریشاں زدہ ہے
فرصتِ آئینۂ پروازِ عدم تا ہستی     یک شرر بالِ دل و دیدہ چراغاں زدہ ہے
نقشِ رنگینیِ سعیِ قلمِ مانی ہے     بکمرِ دامنِ صد رنگِ گلستاں زدہ ہے
درسِ نیرنگ ہے کس موجِ نگہ کا، یارب؟     غنچہ، صد آئنہ زانوئے گلستاں زدہ ہے

سازِ وحشت رقمی ہا، کہ بہ اظہارِ اسدؔ
دشت و ریگ، آئنۂ صفحۂ افشاں زدہ ہے

خوابِ غفلت بہ کمیں گاہِ نظر پنہاں ہے     شام، سائے میں بہ تاراجِ سحر پنہاں ہے
دو جہاں، گردشِ یک سبحۂ اسرارِ نیاز     نقدِ صد دل، بگریبانِ سحر پنہاں ہے
خلوتِ دل میں نہ کر دخل، بجز سجدۂ شوق     آستاں میں صفتِ آئنہ در پنہاں ہے
فکرِ پروازِ جنوں ہے، سببِ ضبط نہ پوچھ     اشک، جوں بیضہ، مژہ سے تہِ پر پنہاں ہے

---

۱۔ نخ = نہ ہو جرأت کشِ شوق     ۲۔ نخ = عرض
۳۔ ″ = زِ مژگاں، تہِ پر

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہوش، اے ہرزہ درا[1]، تہمتِ بیدردی چند! — نالہ، در گردِ تمنا سے اثر پنہاں ہے
وہمِ غفلت، مگر، احرامِ فسردن باندھے — ورنہ، ہر سنگ کے باطن[2] میں شرر پنہاں ہے

وحشتِ[3] دل ہے، اسدؔ، عالمِ نیرنگِ نشاط
خندۂ گل، بلبِ زخمِ جگر پنہاں ہے

داماںِ دل بہ وہمِ تماشا نہ کھینچیے — اے مدعی، خجالتِ بے جا نہ کھینچیے
گل، سربسر[4]، اشارۂ جیبِ دریدہ ہے — نازِ بہار جز بہ تقاضا نہ کھینچیے
حیرت حجابِ جلوہ و وحشت غبارِ چشم[5] — پائے نظر بہ دامنِ صحرا نہ کھینچیے
واماندگی بہانہ، و دل بستگی فریب — دردِ طلب بہ آبلۂ پا نہ کھینچیے
* گرتے ہوئے تصورِ یار آئے ہے حیا — کیا فائدہ کہ منتِ بیگانہ کھینچیے
گر صفحے کو نہ دیجیے پروازِ سادگی — جز خطِ عجز، نقشِ تمنا نہ کھینچیے
دیدارِ دوستانِ لباسی ہے ناگوار — صورت بہ کارخانۂ دیبا نہ کھینچیے

ہے بے خمار نشۂ خونِ جگر، اسدؔ
دستِ ہوس بہ گردنِ مینا نہ کھینچیے

---

۱۔ نخ = سرا
۲۔ نخ = سینے
۳۔ ” = ہے دردِ وحشت اسد آئینۂ اظہارِ نشاط
۴۔ ” = حشمک
۵۔ نخ = راہ
* یہ شعر پہلی بار متنِ ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

تا چند نازِ مسجد و بت خانہ کھینچیے — جوں شمع، دل بخلوتِ جانانہ کھینچیے
بہزاد، نقشِ یک دلِ صد چاک عرض کر — گر زلفِ یار کھینچ نہ سکے، شانہ کھینچیے
راحت کمینِ شوخیِ تقریبِ نالہ ہے — پائے نظر بہ دامنِ افسانہ کھینچیے
زلفِ پری، بہ سلسلۂ آرزو رسا — یک عمر، دامنِ دلِ دیوانہ کھینچیے
یعنی دماغِ غفلتِ ساقی رسیدہ تر — خمیازۂ خمار سے پیمانہ کھینچیے
پروازِ آشیانۂ عنقائے ناز ہے — بالِ پری بہ وحشتِ بے جانہ کھینچیے
* عجز و نیاز سے تو نہ آیا وہ راہ پر — دامن کو اُس کے آج حریفانہ کھینچیے

ہے ذوقِ گریہ، عزمِ سفر کیجیے، اسدؔ
رختِ جنونِ سیل بہ ویرانہ کھینچیے

*

آئینہ کیوں نہ دوں، کہ تماشا کہیں جسے — م — ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے
ہے انتظار سے شررِ آبادِ رستخیز — مژگانِ کوہکن رگِ خارا کہیں جسے
حسرت[1] نے لا رکھا تری بزمِ خیال میں — م — گلدستۂ نگاہ، سویدا کہیں جسے
کس فرصتِ وصال پہ ہے گل کو، عندلیب[2]! — زخمِ فراق، خندۂ بے جا کہیں جسے

---

۱۔ نخ = ہے کرتا ہے گل، جنونِ تماشا کہیں جسے
گلدستۂ نگاہ سویدا کہیں جسے
۲۔ ” = اے خدا
* یہ اشعار پہلی مرتبہ متنِ ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

درکار ہے شگفتنِ گلِ ہائے عیش کو م صبحِ بہار، پنبۂ مینا کہیں جسے
پھونکا ہے کس نے گوشِ محبت میں اے خدا! م افسونِ انتظار، تمنّا کہیں جسے
*یارب، ہمیں تو خواب میں بھی مت دکھائیو یہ محشرِ خیال کہ دنیا کہیں جسے
سر پر ہجومِ دردِ غریبی سے، ڈالیے م وہ ایک مُشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے
ہے چشمِ تر میں حسرتِ دیدار سے نہاں[۱] م شوقِ عناں گسیختہ، دریا کہیں جسے
*غالبؔ، بُرا نہ مان، جو واعظ بُرا کہے م ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے؟

منت کشی میں حوصلہ بے اختیار ہے دامانِ صد کفن، تہِ سنگِ مزار ہے
کس کا سراغِ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا؟ م آئینہ، فرشِ شش جہتِ انتظار ہے
عبرت طلب ہے، حلِّ معمّائے آگہی شبنم، گدازِ آئینۂ اعتبار ہے
ہے ذرّہ ذرّہ، تنگیِ جا سے، غبارِ شوق م گر دام یہ ہے، وسعتِ صحرا شکار ہے
°دل مدّعی، و دیدہ بنا مدّعیٰ علیہ م نظّارے کا مقدّمہ پھر روبکار ہے
چھڑکے ہے شبنم، آئینۂ برگِ گل پہ، آب م اے عندلیب[۲] وقتِ وداعِ بہار ہے
خجلت کشِ وفا کو[۳] شکایت نہ چاہیے اے[۴] مدّعی، طلسمِ عرق بے غبار ہے

۱۔ نخ = ہے تار و پودِ فرشِ تبسم بہ بزمِ عیش ۲۔ نخ = اسدؔ
۳۔ نخ = سے ۴۔ نخ = اے بے حیا
° یہ شعر پہلی بار متن قا میں درج ہوا
* یہ اشعار پہلی مرتبہ متن ق میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

°پیچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے م وہ آئے یا نہ آئے، پہ یاں انتظار ہے
کیفیتِ ہجومِ تمنّا رسا، اسدؔ
خمیازہ، ساغرِ مئے رنجِ خمار ہے

مستی، بہ ذوقِ غفلتِ ساقی، ہلاک ہے م موجِ شراب، یک مژۂ خوابناک ہے
کلفت، طلسمِ جلوۂ کیفیتِ دگر زنگار خوردہ[۱] آئنہ، یک برگِ تاک ہے
ہے عرضِ جوہرِ خط و خالِ ہزار عکس لیکن ہنوز دامنِ آئینہ پاک ہے
ہوں، خلوتِ فسردگیِ انتظار میں وہ بے دماغ جس کو ہوس[۲] بھی تپاک ہے
*جز زخمِ تیغِ ناز، نہیں دل میں آرزو م جیبِ خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے
جوشِ جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں، اسدؔ م صحرا ہماری آنکھ میں یک مشتِ خاک ہے

حُسنِ بے پروا، خریدارِ متاعِ جلوہ ہے م آئینہ، زانوئے فکرِ اختراعِ جلوہ ہے
عجزِ دیدن ہا بناز، و نازِ رفتن ہا بچشم جادۂ صحرائے آگاہی شعاعِ جلوہ ہے
اختلافِ رنگ و بو، طرحِ بہارِ بیخودی صلحِ کل، گردِ ادب گاہِ نزاعِ جلوہ ہے

۱۔ نخ = بستہ
۲۔ " = تمنّا
° یہ شعر پہلی بار متن قا میں درج ہوا
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

تاکجا، اے آگہی، رنگِ تماشا باختن؟ م چشمِ واگر دیدہ، آغوشِ وداعِ جلوہ ہے
حُسنِ خوباں بس کہ بے قدرِ تماشا ہے اسدؔ
آئنہ یک دست ردِّ امتناعِ جلوہ ہے

خود فروشی ہائے ہستی بس کہ جائے خندہ ہے　　ہر[1] شکستِ قیمتِ دل میں[2] صدائے خندہ ہے
عرضِ[3] نازِ شوخیِ دنداں برائے خندہ ہے م دعویِ جمعیّتِ احباب جائے خندہ ہے
ہے عدم میں غنچہ[4] محوِ عبرتِ انجامِ گل م یک جہاں زانو تامّل در قفائے خندہ ہے
کلفتِ[5] افسردگی کو عیشِ بے تابی حرام م ورنہ[6] دنداں در دل افشردن بنائے خندہ ہے
نقشِ عبرت در نظر، یا نقدِ عشرت در بساط　　دو جہاں وسعت بقدرِ یک فضائے خندہ ہے
○ شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں م دل محیطِ گریہ و لب آشنائے خندہ ہے
جائے استہزا ہے، عشرت کوشیِ ہستی اسدؔ
صبح و شبنم، فرصتِ نشو و نمائے خندہ ہے

شوخیِ مضرابِ جولاں، آبیارِ نغمہ ہے　　برگ ریزِ ناخنِ مطرب بہارِ نغمہ ہے

---

۱۔ نخ = تا　　۲۔ نخ = ہا　　۳۔ نخ = شوخیِ اظہارِ دنداں ہا
۴۔ 〃 = ہے　ہیں عدم میں غنچہ ہا عبرت کشِ انجامِ گُل
۵۔ 〃 = ہے　عیشِ بے تابی خرام کلفتِ افسردگی
۶۔ 〃 = عرضِ　　○ یہ شعر پہلی بار متنِ قا میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

کس سے، اے غفلت، تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟　　گوش ہا سیمابی، و دل بے قرارِ نغمہ ہے
سازِ عیشِ بے دلی ہے خانہ ویرانی، مجھے　　سیل یاں کوکِ صدائے آبشارِ نغمہ ہے
سُنبلی خواں ہے بذوقِ تارِ گیسوے دراز　　نالۂ زنجیرِ مجنوں، رشتہ دارِ نغمہ ہے
شوخیِ فریاد سے ہے پردۂ زنبور، گل　　کسوتِ ایجادِ بلبل، خار خارِ نغمہ ہے
نشّہ ہا، شادابِ رنگ و سازہا مستِ طرب م شیشۂ مے، سروِ سبزِ جویبارِ نغمہ ہے
*ہم نشیں مت کہہ کہ "برہم کر نہ بزمِ عیشِ دوست" م واں تو میرے نالے کو بھی اعتبارِ نغمہ ہے
غفلت استعدادِ ذوق، و مدّعا غافل اسدؔ
پنبۂ گوشِ حریفاں، پود و تارِ نغمہ ہے

نشۂ مے، بے چمن، دودِ چراغِ کشتہ ہے　　جام، داغِ شعلہ اندودِ چراغِ کشتہ ہے
رحم کر ظالم، کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے م نبضِ بیمارِ وفا، دودِ چراغِ کشتہ ہے
○ دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں م ورنہ یاں بے رونقی، سودِ چراغِ کشتہ ہے
داغِ ربطِ[1] ہم ہیں اہلِ باغ، گر گل ہو شہید　　لالہ، چشمِ حسرت آلودِ چراغِ کشتہ ہے
شور ہے کس بزم کی عرضِ جراحت خانہ کا؟　　صبح، یک زخمِ نمک سودِ چراغِ کشتہ ہے

---

۱۔ نخ = ہم دیگر ہیں
○ یہ شعر پہلی بار متنِ قا میں درج ہوا
* یہ شعر پہلی بار متنِ ق میں درج ہوا

○ ...... ۱۸۱۶ء

نامرادِ جلوہ، ہر[1] عالم میں حسرت گل کرے    لالہ، داغِ شعلہ فرسودِ چراغِ کشتہ ہے
ہو جہاں، تیرا دماغِ[2] ناز مستِ بیخودی    خوابِ نازِ گلرخاں، دودِ چراغِ کشتہ ہے
ہے، دلِ افسردہ، داغِ[3] شوخیِ مطلب اسدؔ
شعلہ، آخر فالِ مقصودِ چراغِ کشتہ ہے

[5]
تپش سے میری وقفِ کشمکش، ہر تارِ بستر ہے    م    مرا سر رنجِ بالیں ہے، مرا تن بارِ بستر ہے
بہ ذوقِ شوخیِ اعضا تکلف بارِ بستر ہے    معافِ پیچ تابِ کشمکش، ہر تارِ بستر ہے
خوشا![4] اقبالِ رنجوری، عیادت کو تم آئے ہو    م    فروغِ شمعِ بالیں، طالعِ بیدارِ بستر ہے
معمائے تکلف، سر بمہرِ چشم پوشیدن[5]    گدازِ شمعِ محفل، پیچشِ طومارِ بستر ہے
مژہ فرشِ رہ و دل ناتوان و آرزو مضطر    بپائے خفتہ، سیرِ وادیِ پُرخارِ بستر ہے
سرشکِ سر بہ صحرا دادہ، نور العینِ دامن[6] ہے    م    دلِ بے دست و پا افتادہ، برخوردارِ بستر ہے
بہ طوفاں گاہِ جوشِ اضطراب[7] شامِ تنہائی    م    شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر، تارِ بستر ہے

---

۱۔ نخ  =  در ہر رنگ
۲۔ ″  =  دماغِ خوے نازک نیم مست
۳۔ ″  =  داغِ آرزوے شوخ اسدؔ
۴۔ ″  =  ے عیادت بس کہ تجھ سے گرمیِ بازارِ بستر ہے
۵۔ ″  =  بستن ہا
۶۔ ″  =  ہا
۷۔ ″  =  اضطرابِ وحشتِ شب ہا
٥  یہ شعر پہلی بار متن قا میں درج ہوا



○ ...... ۱۸۱۶ء

ابھی[1] آتی ہے بو بالش سے اُس کی زلفِ مشکیں کی    م    ہماری دید کو، خوابِ زلیخا، عارِ بستر ہے
کہوں کیا، دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالبؔ    م    کہ بیتابی سے ہر یک تارِ بستر، خارِ بستر ہے

خطر ہے رشتۂ الفت، رگِ گردن نہ ہو جاوے    م    غرورِ دوستی آفت ہے، تو دشمن نہ ہو جاوے
بپاسِ شوخیِ مژگاں، سرِ ہر خار سوزن ہے    تبسم برگِ گل کو، بخیۂ دامن نہ ہو جاوے
جراحت دوزیِ عاشق ہے جائے رحم ترساں ہوں    کہ رشتہ، تارِ اشکِ دیدۂ سوزن نہ ہو جاوے
غضب شرم آفریں ہے رنگ ریزی ہائے خود بینی    سپیدی آئنے کی پنبۂ روزن نہ ہو جاوے
سمجھ اس فصل میں کوتاہیِ نشو و نما غالبؔ    م    اگر گل سرو کے قامت پہ پیراہن نہ ہو جاوے

نوائے خفتۂ الفت اگر بیتاب ہو جاوے    پرِ پروانہ تارِ شمع پر مضراب ہو جاوے
اگر وحشت عرق افشانِ بے پروا خرامی ہو    بیاضِ دیدۂ آہو کفِ سیلاب ہو جاوے
زبس[2] طوفانِ آب و گل ہے غافل کیا تعجب ہے!    کہ ہر یک گردبادِ گلستاں گرداب ہو جاوے
اثر میں یاں تک اے دستِ دعا خجلِ تصرف کر    کہ سجدہ قبضۂ تیغِ خمِ محراب ہو جاوے
برنگِ گل اگر شیرازہ بندِ بیخودی رہیے    ہزار آشفتگی مجموعۂ یک خواب ہو جاوے

---

۱۔ نخ  =  ے اسدؔ جوشِ بہارِ دیدۂ بیدار کے صدقے
یہ شعر م میں موجود ہے
۲۔ نخ  =  ے طراوت جوششِ طوفانِ آب و گل سے ممکن ہے

○ ..... ۱۸۱۶ء

نمک بر داغِ مشک آلودہ وحشت تماشا ہے    سوادِ دیدۂ آہو شبِ مہتاب ہو جاوے
اسدؔ، باوصفِ مشقِ بے تکلف خاک گردیدن
غضب ہے، گر غبارِ خاطرِ احباب ہو جاوے

دلِ بیمارِ از خود رفتہ، تصویرِ نہالی ہے    کہ مژگاں ریشہ دارِ نیستانِ شیرقالی ہے
سرورِ نشۂ گردش اگر کیفیّت افزا ہو    نہاں ہر گرد بادِ دشت میں جامِ سفالی ہے
عروجِ نشّہ ہے سر تا قدم قدِّ چمن رویاں    بجائے خود، وگرنہ، سرو بھی مینائے خالی ہے
ہُوا آئینہ، جامِ بادہ عکسِ روئے گلگوں سے    نشانِ خالِ رخ، داغِ شرابِ پرتگالی ہے
بپائے خامۂ مو، طے رہِ وصفِ کمر کیجے    کہ تارِ جادۂ سر منزلِ نازک خیالی ہے
اسدؔ، اُٹھنا قیامت قامتوں کا وقتِ آرائش
لباسِ نظم میں بالیدنِ مضمونِ عالی ہے

شبنم بہ گلِ لالہ، نہ خالی ز ادا ہے    م    داغِ دلِ بے درد، نظرگاہِ حیا ہے
دل، خوں شدۂ کشمکشِ حسرتِ[1] دیدار    م    آئینہ، بدستِ بُتِ بدمستِ حنا ہے
تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بصد ذوق    م    آئینہ، بہ اندازِ گل، آغوش کشا ہے

---

۱۔ نخ = کثرتِ اظہار



○ ..... ۱۸۱۶ء

قمری کفِ خاکستر، و بلبل قفسِ رنگ    م    اے نالہ! نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے؟
مجبوری و دعوائے گرفتاریِ الفت    م    دستِ[1] تہِ سنگ آمدہ، پیمانِ وفا ہے
سر رشتۂ بیتابیِ دل، در گرہِ عجز    پروازِ بہ خوں خفتہ و فریادِ رسا ہے
اے پرتوِ خرشیدِ جہانتاب! ادھر بھی    م    سائے کی طرح، ہم پہ عجب وقت پڑا ہے
معلوم[2] ہوا حالِ شہیدانِ گزشتہ    م    تیغِ ستم[3]، آئینۂ تصویر نما ہے
▭ شعلے سے نہ ہوتی، ہوسِ شعلہ نے جو کی    م    جی، کس قدر افسردگیِ دل پہ جلا ہے
▭ تو نے تری افسردہ کیا وحشتِ دل کو    م    معشوقی و بے حوصلگی، طرفہ بلا ہے
▭ ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملے داد    م    یارب! اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے
* بیگانگیِ خلق سے بیدل نہ ہو، غالبؔ!    م    کوئی نہیں تیرا، تو، مری جان خدا ہے

زلفِ سیہ، افعی نظرِ بد قلمی ہے    ہر چند خطِ سبز و زمرّد رقمی ہے
ہے مشقِ وفا، جانتے ہیں لغزشِ پا تک    اے شمع، تجھے دعویِ ثابت قدمی ہے
ہے عرضِ شکستِ آئنہ جرأتِ عاشق    جز آہ کہ سرلشکرِ وحشت علمی ہے

---

۱۔ نخ = ہے دامن تہِ سنگ آمدہ احرامِ وفا ہے
۲۔ ″ = ہے ظاہر ہے اسدؔ حالِ شہیدانِ گذشتہ
۳۔ ″ = صنم
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا
▭ یہ اشعار گل میں موجود ہیں ۔ یہ غزل بعض اوراق کے نقصان کی وجہ سے ق میں دستیاب نہیں

○ ..... ۱۸۱۶ء

واماندۂ ذوق[1] طربِ وصل نہیں ہوں — اے حسرتِ بسیار، تمنّا کی کمی ہے
وہ پردہ نشیں، اور اسدؔ آئینۂ اظہار
شہرت چمنِ فتنہ وعنقا ارمی ہے

اس قامتِ رعنا کی جہاں جلوہ گری ہے — تسلیم فروشی، روشِ کبکِ دری ہے
شرمندۂ الفت ہوں مداوا طلبی سے — ہر قطرۂ شربت مجھے اشکِ شکری ہے
سرمایۂ وحشت ہے، دلا، سایۂ گلزار — ہر سبزۂ نوخاستہ یاں بالِ پری ہے
روشن ہوئی یہ بات دمِ نزع کہ آخر — فانوسِ کفن بہرِ چراغِ سحری ہے
ہم آئے ہیں، غالبؔ رہِ اقلیمِ عدم سے
یہ تیرگیِ حال لباسِ سفری ہے

تاچند، نفس، غفلتِ ہستی سے برآوے — قاصد تپشِ نالہ ہے، یارب، خبر آوے!
ہے طاقِ فراموشیِ سودائے دوعالم — وہ سنگ کہ گلدستۂ جوشِ شرر آوے
درد، آئنۂ کیفیّتِ صد رنگ ہے، یارب — خمیازۂ طرب، ساغرِ زخمِ جگر آوے
جمعیّتِ آوارگیِ دید نہ پوچھو — دل تا مژہ، آغوشِ وداعِ نظر آوے

---

ا۔ نخ = شوق



○ ..... ۱۸۱۶ء

اے ہرزہ دری، منّتِ تمکینِ جنوں کھینچ — تا آبلہ محمل کشِ موجِ گہر آوے
وہ تشنۂ سرشارِ تمنّا ہوں کہ جس کو — ہر ذرّہ بہ کیفیّتِ ساغر نظر آوے
زاہد کہ جنوں سُبحۂ تحقیق ہے، یارب — زنجیریِ صد حلقۂ بیرونِ در آوے
تمثالِ بتاں گر نہ رکھے پنبۂ مرہم — آئینہ بہ عریانیِ زخمِ جگر آوے
۵ ہوں میں بھی تماشائیِ نیرنگِ تمنّا — مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ہی بر آوے
ہر غنچہ، اسدؔ، بارگہِ شوکتِ گل ہے
دل فرشِ رہِ ناز ہے، بیدلؔ اگر آوے

نگاہ اُس چشم کی، افزوں کرے ہے ناتوانائی — پرِ بالش ہے وقتِ دید مژگانِ تماشائی
شکستِ قیمتِ دل، آں سوئے عذرِ شناسائی — طلسمِ ناامیدی ہے خجالت گاہِ پیدائی
پرِ طاؤس ہے نیرنگِ داغِ حیرت انشائی — دو عالم دیدۂ بسمل چراغاں جلوہ پیمائی
تحیّر ہے گریباں گیرِ ذوقِ جلوہ پیرائی — ملی ہے جوہرِ آئینہ کو، جوں بخیہ گیرائی
شرارِ سنگ سے پا در حنا گلگونِ شیریں ہے — ہنوز، اے تیشۂ فرہاد، عرضِ آتشیں پائی
غرورِ دستِ ردنے شانہ توڑا فرقِ ہُدہُد پر — سلیمانی، ہے ننگِ بے دماغانِ خود آرائی
جنوں افسردہ وجاں ناتواں، اے جلوہ شوخی کر — گئی یک عمرِ خودداری باستقبالِ رعنائی

---

ا۔ نخ = تکلیفے
۵ یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

نگاہِ عبرت افسوں، گاہ برق دگاہ مشعل ہے — ہوا ہر خلوت و جلوت سے حاصل ذوقِ تنہائی
جنونِ بیکسی ساغر کشِ داغِ پلنگ آیا — شرر کیفیتِ مے، سنگ محو[1] نازِ مینائی
خدایا، خوں ہو رنگِ امتیاز اور نالہ موزوں ہو — جنوں کو سخت بیتابی ہے، تکلیفِ شکیبائی

خراباتِ جنوں میں ہے اسدؔ، وقتِ قدح نوشی
بہ عشقِ ساقیِ کوثر، بہارِ بادہ پیمائی

غم و عشرت، قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے — دعائے مدعا گم کردگاں[2]، لبریز آمیں ہے
تماشا ہے کہ ناموس وفا رسوائے آئیں ہے — نفس تیری گلی میں خوں ہوا اور باز رنگیں ہے
لبِ عیسیٰ کی جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی م — قیامت، کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں ہے
ہمارا دیکھنا گر ننگ ہے، سیرِ گلستاں کر — شرارِ آہ سے، موجِ صبا، دامانِ گلچیں ہے
پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے — شبِ ماتم، تہِ دامانِ دودِ شمعِ بالیں ہے
زبس[3] جز حسن، منت ناگوارا ہے طبیعت پر — کشادِ عقد، محوِ ناخنِ دستِ نگاریں ہے
نہیں ہے سرنوشتِ عشق، غیر از بے دماغی ہا — جبیں پر میری، مدِّ خامۂ قدرت خطِ چیں ہے
بہارِ باغ، پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں — حنا سے دست، و خونِ کشتگاں سے تیغ رنگیں ہے

---

۱۔ نخ = عرض
۲۔ ″ = گم کردگانِ عشق
۳۔ ″ = اسد



○ ..... ۱۸۱۶ء

بیابانِ فنا ہے بعدِ صحرائے طلب[1]، غالبؔ — پسینہ توسنِ ہمت کا سیلِ خانۂ زیں ہے

محوِ آرامیدگی، سامانِ بیتابی کرے — چشم میں توڑے نمکداں، ناشکر خوابی کرے
آرزوئے خانہ آبادی نے ویراں تر کیا — کیا کروں، گر سایۂ دیوار سیلابی کرے
نغمہ ہا، وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس — ناخنِ[2] تیغِ بتاں، شاید کہ مضرابی کرے
صبحدم[3] وہ جلوہ ریزِ بے نقابی ہو اگر — رنگِ رخسارِ گلِ خرشید[4]، مہتابی کرے
زخم ہائے کہنہ[5]، دل رکھتے ہیں جوں مردگی — اے خوشا! گر آبِ تیغِ ناز تیزابی کرے

بادشاہی کا جہاں یہ حال ہو غالبؔ، تو پھر *
کیوں نہ دلّی میں ہر اک ناچیز نوابی کرے

اے خوشا! وقتے کہ ساقی یک خمستاں وا کرے — تار و پودِ فرشِ محفل، پنبۂ مینا کرے
گر تبِ آسودۂ مژگاں تصرف وا کرے — رشتۂ پا، شوخیِ بالِ نفس پیدا کرے
گر دکھاؤں صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ کو[6] — دستِ رد، سطرِ تبسم یک قلم انشا کرے

---

۱۔ نخ = طلب تازی
۲۔ ″ = ناخنِ مشکل کشا لاؤں ......
۳۔ ″ = گر سحر ...... ہوا اسد
۴۔ ″ = خورشید
۵۔ ″ = کہنہ بر جا ماندہ
۶۔ ″ = آہ
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

جو عزادارِ شہیدانِ نفس در دیدہ ہو — نوحۂ ماتم بآوازِ پرِ عنقا کرے
حلقۂ گردابِ جوہر کو بنا ڈالے تنور[1] — عکس گر طوفانیِ آئینۂ دریا کرے
یک در بر روئے رحمت بستہ دور[2] شش جہت — ناامیدی[3] ہے خیالِ خانہ ویراں کیا کرے
توڑ[+] بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو پھر ہم کو کیا؟ — آسماں سے بادۂ گلفام گر برسا کرے

ناتوانی سے نہیں سر در گریبانی، اسدؔ
ہوں[4] سراپا یک خمِ تسلیم، جو مولا کرے

چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے — م — صبح کے مانند، زخمِ دل گریبانی کرے
[٥] ہے شکستن سے بھی دل نومید، یارب کب تلک — م — آبگینہ، کوہ پر عرضِ گراں جانی کرے
میکدہ گر چشمِ مستِ ناز[٥] سے پاوے شکست — م — موئے شیشہ، دیدۂ ساغر کی مژگانی کرے
خطِ عارض سے لکھا ہے زلف کو الفت نے عہد — م — یک قلم منظور ہے، جو کچھ پریشانی کرے
ہاتھ پر گر ہاتھ مارے یار وقتِ قہقہہ — کرمکِ شب تاب آسا، مہر افشانی کرے
[٥] جلوے کا تیرے وہ عالم ہے کہ گر کیجے خیال — م — دیدۂ دل کو زیارت گاہِ حیرانی کرے

---

۱۔ نخ = ے ہو تنورستاں طلسمِ حلقۂ گرداب ہا
۲۔ ر = شفقت
۳۔ ر = حسرتستاں
۴۔ ر = ے جملہ تن ہوں یک خمِ تسلیم، جو آقا کرے
۵۔ ر = یار
+ یہ شعر پہلی بار حاشیۂ ق میں بڑھایا گیا
٥ یہ اشعار پہلی بار متنِ ق میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

وقت اس افتادہ کا خوش، جو قناعت سے اسدؔ — نقشِ پائے مور کو تختِ سلیمانی کرے

بہ نقصِ ظاہری رنگِ کمالِ طبع[1] پنہاں ہے — کہ بہرِ مدعائے دل، زبانِ لال، زنداں ہے
خموشی خانہ زادِ چشمِ بے پروا نگاہاں ہے — غبارِ سرمہ یاں گردِ سوادِ نرگستاں ہے
صفائے اشک میں داغِ جگر جلوہ دکھاتے ہیں — پرِ طاؤس[2] گویا، برقِ ابرِ چشمِ گریاں ہے
بہ بوئے[3] زلفِ مشکیں یہ دماغ آشفتہ رم ہیں — کہ شاخِ آہواں، دودِ چراغِ آسا پریشاں ہے
تکلف برطرف، ہے جانستاں تر لطفِ بدخویاں — م — نگاہِ بے حجابِ ناز، تیغِ تیزِ عریاں ہے
اسدؔ، یہ فرطِ غم نے کی تلف کیفیتِ شادی — م — کہ صبحِ عید مجھ کو بدتر از چاکِ گریباں ہے

تمام اجزائے عالم صیدِ دامِ چشمِ گریاں ہے — طلسمِ شش جہت، یک حلقۂ گردابِ طوفاں ہے
نہیں ہے مردنِ صاحب دلاں جز کسبِ جمعیت — سویدا میں نفس، مانندِ خطِ[5] نقطے میں پنہاں ہے
غبارِ دشتِ وحشت، سرمہ سازِ انتظار آیا — کہ چشمِ آبلہ میں طولِ میلِ راہ، مژگاں ہے
زِ بس[6] دوشِ رمِ آہو پہ ہے محملِ تمنا کا — جنونِ قیس سے بھی شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے

---

۱۔ نخ = داغِ جگر آئینہ پرتو ہیں
۲۔ ر = ے پرِ طاؤس برقِ ابرِ چشمِ اشک باراں ہے
۳۔ ر = ے بہ بوئے زلفِ مشک افشاں ہیں رم افزونِ آشفتن
۴۔ ر = ے جہاں زندانِ مرجانِ دل ہائے پریشاں ہے
۵۔ ر = در نقطہ
۶۔ ر = ے طرازِ خانۂ محمل ہے بر دوشِ رمِ آہو
زِ وحشت ہائے مجنوں شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے

○ ..... ۱۸۱۶ء

نقابِ یار ہے غفلت نگاہی اہلِ بینش کی　　مژہ پوشیدنی ہا، پردۂ تصویرِ عریاں ہے

اسدؔ، بندِ قبائے یار ہے فردوس کا غنچہ
اگر وا ہو، تو دکھلادوں کہ یک عالم گلستاں ہے

ہجومِ نالہ، حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں ہے　م　خموشی ریشۂ صد نیستاں سے خس بدنداں ہے

دل و دیں نقد لا ساقی، سے گر سودا کیا چاہے　م　کہ اس بازار میں ساغر، متاعِ دستگرداں ہے

غم آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو　م　چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے

کجا مے؟ کو عرق؟ سعیِ عروجِ نشۂ رنگیں تر　　خطِ رخسارِ ساقی، تا خطِ ساغر چراغاں ہے

رہا بے قدر دل، در پردۂ جوشِ ظہور آخر　　گل و نرگس بہم آئینہ و اقلیمِ کوراں ہے

تکلف سازِ رسوائی ہے، غافل، شرمِ رعنائی　　دلِ خوں گشتہ، در دستِ حنا آلودہ عریاں ہے

تماشا، سرخوشِ غفلت ہے باوصفِ حضورِ دل　　ہنوز آئینہ، خلوت گاہِ نازِ ربطِ مژگاں ہے

تکلف برطرف، ذوقِ زلیخا جمع کر، ورنہ　　پریشاں خوابِ آغوشِ وداعِ یوسفستاں ہے

اسدؔ، جمعیتِ دل در کنارِ بے خودی خوشتر
دو عالم آگہی، سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے

---

۱۔ نخ = غفلت نگاہی ہا بے بینندہ
۲۔ " = ے اسدؔ بندِ قبا ہے غنچۂ گلزار سامانی
اگر ہو وے شگفتن جوش یک عالم گلستاں ہے
▭ یہ اشعار گل میں موجود ہیں۔ ف کے بعض اوراق تلف ہو چکے ہیں۔ اس لیے یہ غزل دستیاب نہیں ہو سکی۔



○ ..... ۱۸۱۶ء

تغافل مشربی سے ناتمامی بس کہ پیدا ہے　　نگاہِ ناز، چشمِ یار میں زنّارِ مینا ہے

تصرف وحشیوں میں ہے تصوّر ہائے مجنوں کا　　سوادِ چشمِ آہو، عکسِ خالِ روئے لیلا ہے

محبت طرزِ پیوندِ نہالِ دوستی جانے　　دویدن ریشہ ساں مفت رگِ خوابِ زلیخا ہے

کیا یکسر گدازِ دل نیازِ جوششِ حسرت　　سُوَیدا نسخۂ تہ بندیِ داغِ تمنا ہے

ہجومِ ریزشِ خوں کے سبب رنگ اُڑ نہیں سکتا　　حنائے پنجۂ صیاد، مرغِ رشتہ برپا ہے

اسدؔ، گر نامِ والائے علی تعویذِ بازو ہو
غریقِ بحرِ خوں، تمثال در آئینہ رہتا ہے

اثر سوزِ محبت کا، قیامت بے محابا ہے　　کہ رگ سے سنگ میں تخمِ شرر کا ریشہ پیدا ہے

نہاں ہے گوہرِ مقصود جیبِ خود شناسی میں　　کہ یاں غوّاص ہے تمثال، اور آئینہ دریا ہے

عزیزو، ذکرِ وصلِ غیر سے مجھ کو نہ بہلاؤ　　کہ یاں افسونِ خواب افسانۂ خوابِ زلیخا ہے

تصور بہرِ تسکینِ تپیدن ہائے طفلِ دل　　بباغِ رنگ ہائے رفتہ، گلچینِ تماشا ہے

---

۱۔ نخ = درچشمِ بتاں
۲۔ " = ے نہیں ہو تا پریدن جلوہ رنگ از فرطِ خوں ریزی
۳۔ " = دانۂ دُرِ نخف
۴۔ " = ے عزیزاں گرچہ بہلاتے ہیں ذکرِ وصل سے لیکن
۵۔ " = مجھے
۶۔ " = طپیدن
۷۔ " = بیادِ

○ ..... ۱۸۱۶ء

بہ سعیِ غیر ہے قطعِ لباسِ خانہ[1] ویرانی    کہ تارِ جادۂ رہ، رشتۂ دامانِ صحرا ہے
مجھے[2] شب ہائے تاریکِ فراق شعلہ رویاں میں    چراغِ خانۂ دل، سوزشِ داغِ تمنّا ہے

* ترے نوکر ترے در پر اسدؔ کو ذبح کرتے ہیں
ستمگر، ناخدا ترس، آشنا کُش، ماجرا کیا ہے؟

بہ بزمِ مے پرستی حسرتِ تکلیفِ بے جا ہے    کہ جامِ[3] بادہ، کف بر لب بتقریبِ تقاضا ہے
° مری ہستی، فضائے حیرت آبادِ تمنّا ہے    م    جسے کہتے ہیں نالہ وہ اسی عالم کا عنقا ہے
نہ لائی شوخیِ اندیشہ تابِ رنجِ نومیدی    م    کفِ افسوس ملنا[5]، عہدِ تجدیدِ تمنّا ہے
نشاطِ دیدۂ بینا ہے کو خواب؟ و چہ بیداری؟    بہم آوردہ مژگاں ٹکڑے[6] بر روئے تماشا ہے
نہ ہووے[7] آبلوں میں، گر سرشکِ دیدۂ نم سے    بجولاں گاہِ نومیدی[8]، نگاہِ عاجزاں پا ہے
° وفائے دلبراں ہے اتفاقی، ورنہ، اے ہمدم    م    اثر فریادِ دل ہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے؟

---

۱۔ رخ = خانہ بر باداں
۲۔ ″ = اسدؔ
۳۔ ″ = ے کریاں کف برلبِ پیمانہ از جوشِ تقاضا ہے
۴۔ ″ = درد
۵۔ ″ = سودن
۶۔ ″ = بوسۂ جیبِ تماشا
۷۔ ″ = ے نہ ہو گر جوشِ اشک آئینۂ در آبلہ خفتن
۸۔ ″ = مطلب ہا
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا
° یہ اشعار پہلی مرتبہ متن ق میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

نگہ معمارِ حسرت ہا، چہ آبادی؟ چہ ویرانی؟    کہ مژگاں جس طرف وا ہو، بکف دامانِ صحرا ہے
بہ سختی ہائے قیدِ زندگی، معلوم آزادی    شرر بھی صیدِ دامِ[1] رشتۂ رگ ہائے خارا ہے
خزاں کیا؟ فصلِ گل کہتے ہیں کس کو؟ کوئی موسم ہو    م    وہی ہم ہیں، قفس ہے اور ماتم بال و پر کا ہے

اسدؔ، پاسِ تمنّا سے[2] نہ رکھ امیدِ آزادی
گدازِ[3] ہر تمنّا آبیارِ صد تمنّا ہے

بہ پرورد ن سراسر لطف گستر، سایہ ہے    پنجۂ مژگاں بہ طفلِ اشک دستِ دایہ ہے
فصلِ گل میں دیدۂ خونیں نگاہانِ جنوں    دولتِ نظّارۂ گل سے شفق سرمایہ ہے
شورشِ باطن سے یاں تک مجھ کو غفلت ہے کہ آہ!    شیونِ دل، یک[4] سرودِ خانۂ ہمسایہ ہے
* کیوں نہ تیغِ یار کو مشاطۂ الفت کہوں؟    زخم، مثلِ گُل، سراپا کا مرے پیرایہ ہے
اے اسدؔ، آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری    خامہ میرا تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے

وہ نہا کر آبِ گُل سے سایۂ گُل کے تلے    بال کس گرمی سے سُکھلاتا تھا سُنبل کے تلے
کثرتِ جوشِ سُویدا سے نہیں تِل کی جگہ    خال کب مشاطہ دے سکتی ہے کاکُل کے تلے

---

۱۔ رخ = در بندِ دام    ۲۔ رخ = عبث
۳۔ ″ = ے گدازِ آرزو ہا آبیارِ آرزو ہا ہے
۴۔ ″ = جوں

* یہ شعر پہلے پہل متن ق میں درج ہوا    ▭ یہ شعر م میں طبع ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

بس کہ خوباں باغ کو دیتے ہیں و قتِ مے شکست
بال اُگ جاتا ہے شیشے کا رگِ گُل کے تلے

ہے پر افشانِ طپیدن ہا بہ تکلیفِ ہوس
ورنہ صد گلزار ہے یک بالِ بلبُل کے تلے

پے بمقصد بُردنی ہے خضرِ مے سے اے اسدؔ
جادۂ منزل ہے خطِّ ساغرِ مُل کے تلے

جوہرِ آئینہ ساں مژگاں بدل آسودہ ہے
قطرۂ[1] جو آنکھوں سے ٹپکا، سو نگاہ آلودہ ہے

دامِ[2] گاہِ عجز میں سامانِ آسایش کہاں؟
پَرفشانی بھی[3] فریبِ خاطرِ آسودہ ہے

اے ہوس، عرضِ بساطِ نازِ[4] مشتاقی نہ مانگ
جوشِ[5] پرِ طاؤس، یکسر داغ مشکِ اندوہ ہے

ہے ریا کار تبہ بالاتر تصوّر کردنی
تیرگی[6] سے داغ کی، مہ، سیمِ مس اندوہ ہے

کیا کہوں پرواز کی آوارگی کی کشمکش؟
عافیت، سرمایۂ بال و پرِ نکشودہ ہے

پنبۂ مینا سے مے رکھ لو تم اپنے کان میں
مے پرستاں، ناصحِ بے صرفہ گو بیہودہ ہے

*جس طرف سے آئے ہیں آخر اُدھر ہی جائیں گے
مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم پیمودہ ہے

ہے سوادِ خط، پریشاں موئیِ اہلِ عزا
خامہ میرا شمعِ قبرِ کشتگاں کا دودہ ہے

کثرتِ انشائے مضمونِ تحیّر سے، اسدؔ
ہر سرِ انگشت، نوکِ خامۂ فرسودہ ہے

---

۱۔ نخ = ے قطرۂ اشک تراویدہ نگاہ آلودہ ہے
۲۔ ″ = ے در طلسمِ عاجزی اے اضطراب آرام کو
۳۔ ″ = ہا ۴۔ نخ = نازِ مشتاقاں نہ پوچھ
۵۔ ″ = جوں پرِ طاؤس چندیں
۶۔ ″ = تیرگیِ داغ سے

* یہ شعر پہلے پہل متنِ ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

بہارِ تعزیت آبادِ عشق، ماتم ہے
کہ تیغِ یار، ہلالِ مہِ محرّم ہے

○ نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحتِ دل کا
کہ اس میں ریزۂ الماس جزوِ اعظم ہے

بہ رہنِ ضبط ہے، آئینہ بندیِ گوہر
وگرنہ بحر میں ہر قطرہ چشمِ پُرنم ہے

چمن میں کون ہے طرز آفرینِ شیوۂ عشق؟
کہ گل ہے بلبلِ رنگین و بیضہ شبنم ہے

اگر نہ ہووے رگِ خواب صرفِ شیرازہ
تمام دفترِ ربطِ مزاج، درہم ہے

○ بہت دلوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی
وہ اِک نگہ جو بظاہر نگاہ سے کم ہے

اسدؔ بہ نازکیِ طبعِ آرزو انصاف!
کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دو عالم ہے

عذارِ یار، نظر بندِ چشمِ گریاں ہے
عجب کہ پرتوِ خُور، شمعِ شبنمستاں ہے

ہجومِ[2] ضبطِ فغاں سے مری زبانِ خموش
برنگِ بستہ[3]، بہ زہراب دادہ پیکاں ہے

قبائے جلوہ فزا[4] ہے، لباسِ عریانی
بطرزِ گل، رگِ جاں مجھ کو تارِ داماں ہے

لبِ گزیدۂ معشوق ہے، دلِ افگار
کہ بخیہ[5] جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں ہے

---

۱۔ نخ = رنگِ نیاز
۲۔ ″ = ے زبانِ بکامِ خموشاں زِ خطِ تلخیِ ضبط
۳۔ ″ = بستہ
۴۔ ″ = نسب
۵۔ ″ = نشانِ جوہرِ شمشیر
٥ یہ اشعار پہلی بار متنِ ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

کُشودِ غنچۂ خاطر[۱] عجب نہ رکھ غافل  صبا خرامیِ خوباں بہار ساماں ہے
فغاں! کہ بہرِ شفا سے حصول ناشدنی  دِماغ، نازکشِ مِنّتِ طبیباں ہے
٥ طِلسمِ منّتِ یک خلق سے رہائی دی  جہاں جہاں مرے قاتل کا مجھ پہ احساں ہے
٥ جُنوں نے مجھ کو بنایا ہے مُدّعی میرا  ہمیشہ ہاتھ میں میرے مرا گریباں ہے
اسدؔ[۲] کو زیست تھی مشکل، اگر نہ سُن لیتا
کہ قتلِ عاشقِ دلدادہ تجھ کو آساں ہے

شفق، بدعویِ عاشق گواہِ رنگیں ہے  کہ ماہ، وزدِ حنائے کفِ نگاریں ہے
کرے ہے، بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ  م  خطِ پیالہ، سراسر نگاہِ گلچیں ہے
عیاں ہے پائے حنائی بَرنگِ پرتوِ نور[۳]  رکاب، روزنِ دیوارِ خانۂ زیں ہے
جبینِ صبحِ امیدِ فسانہ گویاں پر  درازیِ رگِ خوابِ بتاں خطِ چیں ہے
ہوا، نشانِ سوادِ دیارِ حسن، عیاں  کہ خط، غبارِ زمیں خیزِ زلفِ مشکیں ہے
بجا ہے، گر نہ سُنے نالہ ہائے بلبلِ زار  م  کہ گوشِ گل، نمِ شبنم سے پنبہ آگیں ہے
٥ کبھی تو اس سرِ شوریدہ کی بھی داد ملے  م  کہ ایک عمر سے حسرت پرستِ بالیں ہے

---

۱۔ نخ = دل ہا
۲۔ ” = ہے اسدؔ، جہاں کہ علی بر سرِ نوازش ہو
کشادِ عقدۂ دشوار کار آساں ہے
۳۔ ” = سے پرتوِ خورشید
٥ یہ اشعار پہلی بار متن قا میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

نہ پوچھ کچھ سر و سامان کاروبارِ اسدؔ!  جنوں معاملہ، بیدل، فقیرِ مسکیں ہے
٥ اسدؔ ہے نزع میں، چل بے وفا، برائے خدا  م  مقامِ ترکِ حجاب و وداعِ تمکیں ہے

روتا ہوں بس کہ در ہوسِ آرمیدگی  جوں گوہر، اشک کو ہے فرامش چکیدگی
برخاک اوفتادگیِ کشتگانِ عشق  ہے سجدۂ سپاسِ بمنزل رسیدگی
انساں نیازمندِ ازل ہے کہ جوں کماں  مطلب ہے ربط سے رگ و پے کی خمیدگی
ہے بسملِ ادائے چمن عارضاں، بہار  گلشن کو رنگِ گُل سے ہے درخوں طپیدگی
دیکھا نہیں ہے ہم نے بعشقِ بُتاں، اسدؔ
غیر از شکستہ حالی و حسرت کشیدگی

عاشق، نقابِ جلوۂ جانانہ چاہیے  فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیے
ہے وصل، ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں  م  معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیے
* پیدا کریں دماغِ تماشائے سرو و گل  حسرت کشوں کو ساغر و مینا نہ چاہیے
دیوانگاں ہیں حاملِ رازِ نہانِ عشق  اے بے تمیز، گنج کو ویرانہ چاہیے

---

٥ یہ شعر پہلی بار متن قا میں درج ہُوا
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہُوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

*اُس لبِ سے مل ہی جائے گا بوسہ کبھی تو، ہاں م — شوقِ فضول و جرأتِ رندانہ چاہیے
ساقی، بہارِ موسمِ گل ہے سرور بخش — پیماں سے ہم گزر گئے، پیمانہ چاہیے
جادو[1] ہے یار کی روشِ گفتگو، اسدؔ
یاں جز فسوں نہیں، اگر افسانہ چاہیے

یوں، بعدِ ضبطِ اشک، پھروں[2] گرد یار کے — پانی[3] پیے کسو پہ کوئی جیسے وار کے
سیماب پشتِ گرمیِ آئینہ دے ہے، ہم م — حیراں کیے ہوئے ہیں، دلِ بے قرار کے
بعد از وداعِ یار، بخوں در تپیدہ[4] ہیں — نقشِ قدم ہیں ہم، کفِ پائے نگار کے
ظاہر ہے ہم سے، کلفتِ بختِ سیاہ روز — گویا کہ تختۂ مشق ہیں خطِ غبار کے
حسرت سے دیکھ رہتے ہیں، ہم آب و رنگِ گل — مانندِ شبنم، اشک ہیں مژگانِ خار کے
آغوشِ گل، کشودہ برائے وداع ہے م — اے عندلیب، چل کہ چلے دن بہار کے[5]
*ہم مشقِ فکرِ وصل و غمِ ہجر سے، اسدؔ
لائق[6] نہیں رہے ہیں، غمِ روزگار کے

---

۱۔ نخ = ے جادو ہے طرزِ گفتگوے یار اے اسدؔ
۲۔ ״ = پھرا
۳۔ ״ = ے جس طرح پیوے پانی کوئی وار وار کے
۴۔ ״ = طپیدہ
۵۔ ״ = ے طرزِ گل، شگفتہ کنارِ وداع ہے ؎ اے بلبلو! چلو کہ چلے دن بہار کے
۶۔ ״ = قابل
* یہ اشعار پہلی بار متن ق میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

بہ فکرِ حیرتِ رم، آئنہ پردازِ زانو ہے — کہ مشکِ نافہ، تمثالِ سوادِ چشمِ آہو ہے
ترحّم میں ستم کوشوں[1] کے ہے، سامانِ خونریزی — سرشکِ چشمِ یار، آبِ دمِ شمشیرِ ابرو ہے
کرے ہے دست فرسودِ ہوس، وہمِ توانائی[2] — پر افشاندہ درِ کنجِ قفس، تعویذِ بازو ہے
ہوا، چرخِ خمیدہ، ناتواں بارِ علائق سے — کہ ظاہر، پنجۂ خورشید[3]، دستِ زیرِ پہلو ہے
اسدؔ، تا کے طبیعت طاقتِ ضبطِ الم لاوے؟
فغانِ دل بہ پہلو، نالۂ بیمارِ بدخو ہے

بدستِ آوردنِ دل گوہرِ دریائے شاہی ہے — وگرنہ خاتمِ دستِ سلیماں فلسِ ماہی ہے
سخن تاریک طبعوں کا، ہے اظہارِ کثافت ہا — کہ زنگِ خانۂ فولاد، مانا ہے سیاہی ہے
خمیدن نشّۂ مے میں، ہے شرمِ زشت اعمالی — دماغِ زہد میں آخر غرورِ بے گناہی ہے
نہیں ہے خالی آرائش سے بے سامانیِ عاشق — شکستِ حال، اندازِ آفرینِ کج کلاہی ہے
اسدؔ، خوباں بھی دورِ چرخ سے رنجیدہ خاطر ہیں
گریباں چاکیِ گُل ہا نشانِ داد خواہی ہے

---

۱۔ نخ = ستم کوشاں
۲۔ ״ = تابِ پریدن ہا
۳۔ ״ = خورشید

○ ..... ۱۸۱۶ء

نہ چھوڑو محفلِ عشرت میں جا، اے میکشاں خالی
کمیں گاہِ بلا ہے، ہوگیا شیشہ جہاں خالی

نہ دوڑا ریشۂ دیوانگی صحنِ بیاباں میں
کہ تارِ جادہ سے ہے لُجّۂ ریگِ رواں خالی

دکانِ ناوکِ تاثیر ہے، از خود تہی ماندن
سراسر عجز ہو، کر خانہ مانندِ کماں خالی

محبت، ہے نواسازِ فغاں در پردۂ دل ہا
کرے ہے مغز سے مانندِ نَے کے اُستخواں خالی

عبث ہے خطِ ساغر جلوہ، طوقِ گردنِ قمری
مئے الفت سے ہے مینائے سروِ بوستاں خالی

نہ پھولو ریزشِ اعداد کی قطرہ فشانی پر
عزیزاں، ہے برنگِ صفر جامِ آسماں خالی

اسدؔ، ہنستے ہیں میرے گریہ ہائے زار پر مردم
بھرا ہے دہر بے دردی سے، دل کیجے کہاں خالی

ہوا جب حسن کم، خط بر عذارِ سادہ آتا ہے
کہ بعد از صافِ مَے، ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے

نہیں ہے مزرعِ الفت میں حاصل غیرِ[1] پامالی
نظر دانہ، سرشکِ بر زمیں اُفتادہ آتا ہے

محیطِ دہر میں بالیدن، از ہستی[2] گزشتن ہے
کہ یاں ہر یک حبابِ آسا شکست آمادہ آتا ہے

دیارِ عشق میں جاتا ہے جو سوداگری ساماں
متاعِ زندگانی ہا بغاوت دادہ آتا ہے

اسدؔ، وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلق ہیں
صنوبر گلستاں میں بادلِ آزادہ آتا ہے

---

۱۔ نخ = بجز تلف گشتن
۲۔ " = خود واگزشتن



○ ..... ۱۸۱۶ء

نگاہِ ناز[1] نے جب عرضِ تکلیفِ شرارت کی
دیا ابرو کو چھیڑا، اور اُس نے فتنے کو اشارت کی

روانی موجِ مَے کی، گر خطِ جام آشنا ہووے
لکھے کیفیت اُس سطرِ تبسّم کی عبارت کی

شہِ گل نے کیا جب بندوبستِ گلشن آرائی
عصائے سبز دے نرگس کو دی خدمت نظارت کی

نہیں[2] ریزش عرق کی، اب سے فوبانِ اعضا ہے
تبِ خجلت نے یہ نبضِ رگِ گل میں حرارت کی

زبس نکلا غبارِ دل بوقتِ گریہ[3] آنکھوں سے
اسدؔ کھائے ہوئے سُرمے نے آنکھوں میں بصارت کی

خدایا، دل کہاں تک دن بصد رنج و تعب کاٹے
خمِ گیسو ہو شمشیرِ سیہ تاب اور شب کاٹے!

کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق، خود آرایاں
صدف دندانِ گوہر سے بہ حسرت اپنے لب کاٹے

دریغا![4] وہ مریضِ غم کہ فرطِ ناتوانی سے
بقدرِ یک نفس جادہ، بصد رنج و تعب کاٹے

+ یقین ہے آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو
دمِ تیغِ توکّل سے اگر پائے سبب کاٹے

ہوئے یہ رہرواں دل خستہ شرمِ نارسائی سے
کہ دستِ آرزو سے یک قلم پائے طلب کاٹے

اسدؔ[5] مجھ میں ہے اُس کے بوسۂ پا کی کہاں جرأت؟
کہ میں نے دست و پا باہم بہ شمشیرِ ادب کاٹے

---

۱۔ نخ = سے نگاہِ سرمہ سا نے عرضِ تکلیفِ شرارت کی
بہ ابرو سے خمِ تیغِ صفاہانی اشارت کی
۲۔ " = سے ہوئی ریزش عرق کی جوششِ اسہال ذوبانی
۳۔ " = اشکِ خاموشی
۴۔ " = فغاں بر حالِ رنجورے
۵۔ " = سے اسدؔ کو جرأتِ بوسیدنِ پائے چمن رویاں
+ یہ شعر پہلے سہل حاشیہ ق میں بڑھایا گیا

○ ..... ۱۸۱۶ء

تماشاے جہاں مفتِ نظر ہے　　　کہ یہ گلزار باغِ رہ گذر ہے
جہاں شمعِ خموشی جلوہ گر ہے　　　پرِ پروانگاں بالِ شرر ہے
بہ جیبِ اشکِ چشمِ سرمہ آلود　　　مسی مالیدہ دندانِ گُہر ہے
شفق ساں موجۂ خوں ہے رگِ خواب　　　کہ مژگانِ کشودہ نیشتر ہے
کرے ہے روے روشن آفتابی　　　غبارِ خطِ رُخ، گردِ سحر ہے
ہوئی یک عمر صرفِ مشقِ نالہ　　　اثر موقوف بر عمرِ دگر ہے

اسدؔ، ہوں میں پَر افشانِ رمیدن
سوادِ شعر در گردِ سفر ہے

بس کہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے　　　ریشے سے، ہر تخم کا دلو، اندرونِ چاہ ہے
عکسِ[ا] گل ہاے سمن سے چشمہ ہاے باغ میں[۱]　　　فلسِ ماہی آئنہ پردازِ داغِ ماہ ہے
واں[ا] سے ہے تکلیفِ عرضِ بیدماغی ہاے دل　　　یاں صریرِ خامہ، مجھ کو نالۂ جانکاہ ہے
حسن و رعنائی میں وہمِ[۲] صد سرو گردن ہے فرق　　　سرو کے قامت پہ، گل، یک دامنِ کوتاہ ہے
رشک[*] ہے آسایشِ اربابِ غفلت پر، اسدؔ　　　پیچ تابِ دل، نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے

---

ا اور ب دو نہیں، اصل میں ایک ہی شعر ہے۔ ا کو بعد کی غزل میں بطورِ مقطع (ب) استعمال کر لیا گیا ہے، اسی لیے حاشیہ ق میں لکھا گیا مگر (ا) قلم زد ہونے سے رہ گیا۔
۱۔ نخ = سے چشم ہاے باغ میں از عکسِ گل ہاے سمن
۲۔ ″ = باہم
* یہ شعر پہلے پہل متن ق میں درج ہوا (دیکھو ا، ب) کے لیے دیکھیے ص ۲۸۹



○ ..... ۱۸۱۶ء

اے اسدؔ، مایوس مت ہو از درِ شاہِ نجف　　　صاحبِ دل ہا وکیلِ حضرتِ اللہ ہے

بس کہ چشم از انتظارِ خوش خطاں بے نور ہے　　　یک قلم، شاخِ گلِ نرگس، عصاے کور ہے
بزمِ[+] خوباں، بس کہ، جوشِ جلوہ سے پُر نور ہے　　　پشتِ دستِ عجز یاں ہر برگِ نخلِ طور ہے
ہوں، تصور ہاے ہمدوشی سے، بدمستِ شراب　　　حیرتِ آغوشِ خوباں[۱]، ساغرِ بلّور ہے
ہے عجب مُردوں کو غفلت ہاے اہلِ دہر سے　　　سبزہ، جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے
حسرت[۲] آبادِ جہاں میں ہے الم، غم آفریں　　　نوحہ، گویا خانہ زادِ نالۂ رنجور ہے
کیا کروں؟ غم ہاے پنہاں لے گئے صبر و قرار　　　دزد گر ہو خانگی، تو پاسباں معذور ہے
ہے زباں افتادگیِ نشّۂ بیماری مجھے　　　بے[۳] سخن، تبخالۂ لب، دانۂ انگور ہے
جس[۴] جگہ ہو مسند آرا جانشینِ مصطفےٰ　　　اُس[۵] جگہ تختِ سلیماں، نقشِ پاے مور ہے

واں[+ب] سے ہے تکلیفِ عرضِ بیدماغی، اور اسدؔ
یاں صریرِ خامہ مجھ کو نالۂ رنجور ہے

---

(ا۔ ب یہ دو نہیں، اصل میں ایک ہی شعر ہے۔ ا کو بعد کی غزل میں بطورِ مقطع (ب) استعمال کیا گیا ہے، اسی لیے حاشیہ ق میں لکھا گیا مگر (ا) قلم زد ہونے سے رہ گیا۔ ص ۲۸۸ پر
۱۔ نخ = صافی
۲۔ ″ = ے درد ہے غم آفریں در حسرت آبادِ جہاں / ہاے ماتم خانہ، زادِ نالۂ رنجور ہے
۳۔ ″ = در نظر
۴۔ ″ = ہو جہاں اورنگ آرا
۵۔ ″ = واں اسدؔ
+ یہ اشعار حاشیہ ق میں ہیں

○ ..... ۱۸۱۶ء

سوختگاں کی خاک میں ریزشِ نقشِ داغ ہے — آئنۂ[1] نشانِ حالِ مثلِ گلِ چراغ ہے
لطفِ خمارِ مے کو ہے در دلِ ہمد گر اثر — پنبۂ شیشۂ شراب کفِ بلبِ ایاغ ہے
مُفتِ صفائے طبع ہے، جلوۂ[2] نازِ سوختن — داغِ دلِ سیہ دلاں، مردمِ چشمِ زاغ ہے
رنجشِ یارِ مہرباں، عیش و طرب کا ہے نشاں — دل[3] سے اٹھے ہے جو غبار، گردِ سوادِ باغ ہے
شعر کی فکر کو، اسدؔ، چاہیے ہے دل و دماغ
وائے[4]! کہ یہ فسردہ دل، بیدل و بیدماغ ہے

## رباعیات

ہرچند کہ دوستی میں کامل ہونا — ممکن نہیں یک زبان و یک دل ہونا
میں تجھ سے، اور مجھ سے تُو پوشیدہ — ہے مفت، نگاہ کا مقابل ہونا

بعد از اِتمامِ بزمِ عیدِ اَطفال — اَیّامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال
آپہنچے ہیں تا سوادِ اِقلیمِ عدم ۲ اے عمرِ گزشتہ! یک قدم استقبال

---

۱۔ نخ = آئنہ بساطِ ناز
۲۔ ″ = شوخیِ عرضِ سوختن
۳۔ ″ = ہے گردِ کدورتِ بتاں، مثلِ غبارِ باغ ہے
۴۔ ″ = عذر



○ ..... ۱۸۱۶ء

شب زُلف و رُخِ عَرَق فشاں کا غم تھا — کیا شرح کروں؟ کہ طُرفہ تر عالم تھا
رویا میں ہزار آنکھ سے صبح[1] تلک ۲ ہر[2] قطرۂ اشک، دیدۂ پُرنم تھا

دل تھا کہ جو جانِ دردِ تمہید سہی — بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی
ہم اور فسردن، اے تجلّی، افسوس! ۲ تکرار روا نہیں، تو تجدید سہی

سامانِ ہزار جستجو، یعنی، دل! — ساغر کشِ خونِ آرزو، یعنی دل
پشت و رخِ آئنہ ہے، دین و دنیا — منظور ہے دو جہاں سے تُو، یعنی دل

اے کاش! بتاں کا خنجرِ سینہ شگاف — پہلوئے حیات سے گزر جاتا صاف
اک تسمہ لگا رہا کہ تا روزے چند — رہیے نہ مشقّتِ گدائی سے مُعاف

اے کثرتِ فہم بے شمار اندیشہ — ہے اصلِ خرد سے شرمسار اندیشہ
یک قطرۂ خون و دعوتِ صد نشتر — یک وہم و عبادتِ ہزار اندیشہ

---

۱۔ نخ = تا بہ سحر
۲۔ ″ = ہے ہر قطرۂ اشکِ چشم، چشمِ نم تھا

○ ..... ۱۸۱۶ء

بے گریہ کمالِ ترجبینی ہے مجھے ۔۔۔ دربزمِ وفا خجل نشینی ہے مجھے
محرومِ صدا رہا بغیر از یک تار ۔۔۔ ابریشمِ ساز، موئے چینی ہے مجھے

گر جوہرِ امتیاز ہوتا ہم میں ۔۔۔ رسوا کرتے نہ آپ کو عالم میں
ہیں نام و نگیں، کہیں گہِ نقبِ شعور ۔۔۔ یہ چور پڑا ہے خانۂ خاتم میں

ہے خلقِ حسد قماش لڑنے کے لیے ۔۔۔ وحشت کدۂ تلاش لڑنے کے لیے
یعنی[2]، ہر بار صورتِ کاغذِ باد ۔۔۔ ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کے لیے

گلخن، شررِ اہتمام بستر ہے آج ۔۔۔ یعنی تبِ عشق شعلہ پرور ہے آج
ہوں وردِ ہلاکِ نامہ بر سے بیمار ۔۔۔ قارورہ مرا خونِ کبوتر ہے آج

---

۱۔ رخ = نقش

۲۔ // = ے جوں کاغذِ باد کو ہوا وجہِ ہوس

۱۸۱۷ء تا ۱۸۲۱ء

حاشیہ

# نسخۂ بھوپال

(بخطِ غالب)

۱۸۱۶ء

# نسخۂ بھوپال

(مشمولۂ نسخۂ حمیدیہ)

۱۸۲۱ء